https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member

کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار

Daily QAUM KI AWAZ karachi

روزنامہ قوم کی آواز کراچی

چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی
مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک

جلد:24 | جمعۃ المبارک 04 جمادی الاوّل 1448ھ 16 اکتوبر 2026ء | شمارہ:214

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور امر حا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ
اور رزق کا کوئی رستہ نہ نکلے
تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔



یورپی یونین قانونی سفر آسان، پاکستان ویزا پالیسی بہتر بنائے

پاکستانیوں کے یورپی ویزے مسترد ہونے کی 50 فیصد شرح بہت زیادہ

پاکستانی نوجوان یورپ جانے کے لیے زندگیاں خطرے میں نہ ڈالیں، غیر قانونی راستے سے اٹلی یونان جانا ہے تو قانونی راستہ اختیار کریں، مناسب تعلیم، ہنر پر توجہ دیں، یورپی کمشنر

غیر قانونی ہجرت کم ہوئی، انسانی اسمگلنگ روکنا ہوگی، امریکا، ایران کشیدگی کم کرنے کے لیے پاکستان کا کردار لائق تعریف، غیر قانونی طور پر یورپ آنے والے پاکستانیوں کی تعداد میں 50 فیصد سے زائد کی اچھی خبر ہے، میگنس بروز

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) یورپی کمشنر برائے امور داخلہ و مائیگریشن مینس برونر نے کہا ہے کہ پاکستانیوں کے شینگن ویزے مسترد ہونے کی 50 فیصد شرح بہت زیادہ ہے، ویزا اپائنٹمنٹ کے حصول میں بھی مشکلات درپیش ہیں۔ یورپی یونین کو پاکستانیوں کیلئے قانونی سفر کو آسان بنانے اور حقیقی مسافروں کو در پیش رکاوٹوں کو دور کرنے کی ضرورت ہے۔ دورہ پاکستان کے دوران نجی ٹی وی چینل کو خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے انھوں نے کہا یورپی یونین کو قانونی ہجرت کے راستوں کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے، جبکہ پاکستان کو بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

چینی کے وزیر خزانہ لان فوان نے وفاقی وزیر خزانہ محصولات محمد اورنگزیب سے ملاقات میں پاکستان کی معاشی پیش رفت کا خیر مقدم کیا اور اس موقع پر دونوں ممالک کے درمیان مالیاتی تعاون مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا

چینی وزیر خزانہ کا پاکستان کی معاشی پیشرفت کا خیر مقدم

وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب کی چین کے وزیر خزانہ لان فوان سے ورلڈ بینک گروپ اور عالمی مالیاتی ادارہ کے سالانہ اجلاس کے موقع پر بنکاک میں ملاقات ہوئی، علاقائی اقتصادی تعاون آگے بڑھانے پر بھی گفتگو

پاکستان کی چینی سرمایہ منڈی میں بار بار خود مختار بانڈ جاری کرنے والے ملک کی حیثیت سے مستقل موجودگی قائم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا، چین کے وفد نے ایس سی او ترقیاتی بینک سے متعلق مشاورت میں پاکستان کی فعال شرکت اور اتفاق رائے پیدا کرنے میں تعاون کی درخواست کی



چینی وزیر خزانہ لان فوان کی اسلام آباد میں وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے ملاقات کے موقع پر لی گئی تصویر

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) چین کے وزیر خزانہ لان فوان نے وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب سے ملاقات میں پاکستان کی معاشی پیش رفت کا خیر مقدم کیا اور اس موقع پر دونوں ممالک کے درمیان مالیاتی تعاون مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب کی چین کے وزیر خزانہ لان فوان سے ورلڈ بینک گروپ اور عالمی مالیاتی ادارہ (آئی ایم ایف) کے سالانہ اجلاس کے موقع پر بنکاک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

اہم خبر



مسٹر امریکا باڈی بلڈنگ چیمپئن شپ، رمیز ابراہیم نے گولڈ میڈل جیت لیا

خدا پاک کا شکر کامیابی والدین، اہلیہ اور بچوں کے نام کرتا ہوں، پاکستان ہمیشہ زندہ باد

اسلام آباد (اسپورٹس ڈیسک) پاکستانی ایتھلیٹ رمیز ابراہیم نے مسٹر امریکا چیمپئن شپ میں گولڈ میڈل جیت کر تاریخ رقم کر دی۔ رمیز ابراہیم امریکا میں منعقد ہونے والی مسٹر امریکا انٹرنیشنل باڈی بلڈنگ چیمپئن شپ میں گولڈ میڈل حاصل کرنے والے پہلے پاکستانی باڈی بلڈر بن گئے۔ انہوں نے مقابلے میں 25 ممالک کے کھلاڑیوں کے درمیان مینز فزیک کیٹیگری میں ہونے والے مقابلے میں پہلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

عمان کے قریب بحری جہاز پر حملہ، پاکستانی شہری کی میت تاحال واپس نہ آسکی

حماد عبیدہ کے بھائی کا یادداشتی خط، ڈی این اے شناخت اور میت وطن لانے میں مدد کی اپیل

کراچی (این این آئی) عمان کے قریب بحری جہاز پر حملے میں مبینہ طور پر جاں بحق پاکستانی شہری حماد عبیدہ کی لاش کی شناخت اور میت وطن واپس لانے کے لیے اہل خانہ تاحال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

جامعہ کراچی کی یکساں شناخت کے لیے کمیٹی قائم، برانڈ بک 10 روز میں تیار کرنے کی ہدایت

کراچی (این این آئی) جامعہ کراچی کی ادارہ جاتی شناخت کو یکساں بنانے کے لیے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر وسیم قاضی کی ہدایت پر برانڈ شناخت و اپلائی کمیٹی قائم کر دی گئی ہے، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

کراچی میں گرمی کی شدت برقرار، پارہ 39 ڈگری تک جانے کا امکان

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں آئندہ چند روز کے دوران موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان ہے، جبکہ درجہ حرارت 39 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

پشاور اسکول حادثہ، وزیر اعلیٰ سندھ اور صوبائی وزرا کا اظہارِ افسوس

جاں بحق بچوں اور استاد کے اہل خانہ سے تعزیت، زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، وزیر بلدیات و ہاؤسنگ ناصر حسین شاہ اور صوبائی وزیر صنعت و تجارت جام اکرام اللہ دھاریجو نے پشاور میں نجی اسکول کی چھت گرنے کے واقعے میں بچوں اور استاد کی ہلاکتوں پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے واقعے کو انتہائی افسوسناک اور دل دہلا دینے والا قرار دیتے ہوئے کہا کہ معصوم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

اسٹاک مارکیٹ 4 روز مسلسل منڈی کے بعد محدود تیزی، ٹوسو ناکا 3 ہزار روپے سستا

کراچی (بزنس رپورٹر) اسٹاک ایکس چینج میں 4 سیشنز میں مسلسل منڈی کے بعد بدھ کو ریکوری کے ساتھ محدود پیمانے پر تیزی رہی جس سے انڈیکس کی 1 لاکھ 65 ہزار پوائنٹس کی سطح بحال ہوگئی، محدود تیزی کے سبب 51.09 فیصد حصص کی قیمتیں بڑھ گئیں جبکہ حصص کی مالیت میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

اقرار الحسن کے جسمانی ریمانڈ کے خلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ

وکیل صفائی کا گرفتاری اور ریمانڈ کا طریقہ کار مشکوک ہونے کا مؤقف، فرح اقرار نے عدالت میں گرفتاری کی تفصیلات بتا دیں

کراچی (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج شرقی کی عدالت نے عوام راج پارٹی کے سربراہ اور معروف اینکر پرسن اقرار الحسن کے جسمانی ریمانڈ کے خلاف درخواست پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

لیاری جنرل اسپتال میں تین ماہ کے دوران 100 سے زائد روبوٹک سرجریز

خواتین کے علاج کے لیے جدید سہولت متعارف، صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر عذرا فضل پیچو ہو کا اسپتال کا دورہ

کراچی (این این آئی) لیاری جنرل اسپتال میں خواتین کے امراض کے علاج کے لیے جدید روبوٹک سرجری کی سہولت متعارف کرا دی گئی، جس کے تحت گزشتہ تین ماہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کی تعداد 68 لاکھ سے تجاوز کر گئی

22 لاکھ سے زائد تنخواہ دار افراد نے گوشوارے جمع کرائے، 1473 کاندار وں نے ٹیکس ریٹرن فائل کیے

کراچی (این این آئی) ملک بھر میں انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کی تعداد 68 لاکھ 15 ہزار سے تجاوز کر گئی، جبکہ گزشتہ سال اسی مدت کے دوران 52 لاکھ سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

کراچی: مختلف واقعات میں ایک شخص جاں بحق، دو سراز خمی

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں پیش آنے والے دو واقعات میں ایک شخص جاں بحق اور دو سراز خمی ہو گیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

کراچی: بجلی کے پول سے کرنٹ لگنے پر 11 سالہ بچہ جاں بحق

کراچی (این این آئی) ابراہیم حیدری میں جمعہ گوٹھ قبرستان کے قریب گھر کے باہر بجلی کے پول سے کرنٹ لگنے کے باعث (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

کلفٹن میں مبینہ تشدد سے شوہر جاں بحق، بیوی گرفتار

کراچی (این این آئی) کلفٹن کے علاقے نیلم کالونی میں گھریلو تنازع پر مبینہ تشدد سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا، پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

ستمبر میں ترسیلاتِ زر 3 ارب 60 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئیں

سالانہ بنیاد پر 12.7 فیصد اضافہ، رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی

میں بیرون ملک پاکستانیوں نے 10.9 ارب ڈالر بھیجے، مشیر وزیر خزانہ

کراچی (این این آئی) پاکستان کو بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے بھیجی جانے والی ترسیلاتِ زر میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد کے مطابق ستمبر 2026ء میں ترسیلاتِ زر 3 ارب 60 کروڑ ڈالر رہیں، جو گزشتہ سال کے اسی مہینے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

ریسکیو 1122 کی توسیع، نئے اسٹیشنز کے قیام کے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت

روزانہ 24 ہزار 700 کالز موصول، ادارے نے اب تک 13 لاکھ 30 ہزار سے

زائد طبی ہنگامی خدمات فراہم کیں، 5 ہزار 238 جانیں بچائیں، گیانچند ایسرانی

کراچی (این این آئی) مشیر وزیر اعلیٰ سندھ برائے محکمہ بحالی گیانچند ایسرانی نے ریسکیو 1122 کی کارکردگی مزید بہتر بنانے، کراچی سمیت صوبے بھر میں ہنگامی امدادی نظام کی توسیع اور نئے اسٹیشنز کے قیام کے لیے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت کر دی۔ ان کی زیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

سندھ حکومت کا 24 اکتوبر کو کراچی میں یوم اقوام متحدہ منانے کا اعلان

مرکزی تقریب یوتھ ڈیولپمنٹ سینٹر ساؤتھ میں منعقد ہوگی

کھیلوں، معلوماتی و تفریحی سرگرمیوں اور موسیقی کا اہتمام بھی ہوگا

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت کے تعاون سے 24 اکتوبر کو کراچی میں یوم اقوام متحدہ منایا جائے گا، جس کی مرکزی تقریب یوتھ ڈیولپمنٹ سینٹر ساؤتھ میں منعقد ہوگی۔ تقریب میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

سندھ میں کرپٹ سسٹم پورا نظام مفلوج ہے

محمد حنیف گوہر

کراچی میں بھتہ خوری اور زمینوں پر قبضوں کے مسائل کے انبار، سپریم کورٹ کے احکام کے باوجود 26 سڑکوں کی کمرشلائزیشن نہ ہون پر تشویش، چیئرمین آباد

ڈیپلومیٹک بزنس کلب کے دیئے گئے عشائیے میں دانش بن رؤف، خورشید عالم، معیظ زیدی، محمد حسن بخشی، احمد اویس تھانوی، فیاض الیاس اور محمد عمر شاہ موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کے چیئرمین محمد حنیف گوہر نے کہا کہ سندھ میں کرپٹ سسٹم نے پورے نظام کو مفلوج کر کے رکھ دیا ہے، کراچی میں بھتہ خوری اور زمینوں پر قبضوں کے مسائل کے انبار لگے ہوئے ہیں، سپریم کورٹ کے احکام کے باوجود 26 سڑکوں کی کمرشلائزیشن نہ ہونے پر تشویش ہے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے ڈیپلومیٹک بزنس کلب کے زیر اہتمام چیئرمین آباد محمد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)



کراچی: چیئرمین آباد محمد حنیف گوہر کو فیاض الیاس، ندیم پولانی، زبیر چھایا، آصف سمسم اور محمد عمر شاہ خصوصی شیلڈ پیش کر رہے ہیں



گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی، کراچی کینٹ ریلوے اسٹیشن میں ملت ایکسپریس کا افتتاح کر رہے ہیں

ریلوے میں پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کا فروغ خوش آئند ہے

گورنر سندھ

نہال ہاشمی نے ملت ایکسپریس کا افتتاح کر دیا، اس سروس کا آغاز سید جمیل اینڈ کمپنی اور لاسانی کارگو کے اشتراک سے ممکن ہوا

ریلوے مختلف شعبوں اور علاقوں کو آپس میں جوڑنے کا اہم ذریعہ ہے، اس لیے اس ادارے کی ترقی اور بہتری ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے

کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے ملت ایکسپریس کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج کا دن پاکستان ریلویز کے لیے اہم ہے۔ ملت ایکسپریس کے نام سے ایک نئی ٹرین سروس کا آغاز خوش آئند ہے، جبکہ ریلوے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

نئے صوبوں کی تشکیل کے معاملے پر قومی سطح پر مکالمہ ہونا چاہیے، فیضان راوت

سیاسی جماعتوں، آئینی و معاشی ماہرین، انتظامی اداروں، سول سوسائٹی و عوامی نمائندوں کو شامل کیا جائے

پاکستان میں نئے صوبوں و انتظامی اصلاحات کو عالمی سطح پر بھی تجزیے اور مکالمے کا حصہ بنایا جا رہا ہے



کراچی (اسٹاف رپورٹر) فرینڈز آف کراچی کے بانی فیضان راوت نے پاکستان میں نئے صوبوں کی تشکیل، انتظامی ڈھانچے میں اصلاحات اور اختیارات و وسائل کی عوام تک منتقلی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ورلڈ اکنامک فورم (WEF) کی ویب سائٹ پر پاکستان کے انتظامی ڈھانچے سے متعلق حالیہ مضمون کی اشاعت نے اس اہم قومی مسئلے کو عالمی سطح پر بھی اجاگر کیا ہے۔ فیضان راوت کے مطابق یہ پیش رفت اس بات کی اہمیت کو نمایاں کرتی ہے کہ پاکستان میں بڑھتی ہوئی آبادی، تیزی سے پھیلتے ہوئے شہری مراکز اور عوامی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

کراچی: بین الکلاتی و بین الجامعاتی لیاقت علی خان کوئز مقابلہ

قائد ملت لیاقت علی خان شہید کو جتنا خراج عقیدت پیش کیا جائے کم ہوگا، عبدالعلیم شیخ

کراچی (این این آئی) قائد اعظم اکادمی، قائدِ اعظم مزار مینجمنٹ بورڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

کاروبار میں آسانی تاجر کا اختراعی سی سی آئی کی ترجیح ہے

محمد زکریا
اکبر ضیا

کاروباری سرگرمیوں میں رکاوٹوں کے خلاف مؤثر آواز اٹھاتے رہیں گے: اجمل بلوچ کی قیادت میں تاجر برادری کا اسلام آباد چیمبر کا دورہ

سینئر نائب صدر آئی سی سی آئی محمد اشفاق چٹھہ، نائب صدر محمد وقاص خان نے وفد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے یقین دلایا کہ چیمبر کاروباری برادری کے مسائل متعلقہ حکام کے سامنے اٹھائے گا

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) صدر اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) محمد ذکریا اکبر ضیاء نے کہا ہے کہ چیمبر تاجروں اور صنعتکاروں کے جائز حقوق کے تحفظ اور کاروباری مسائل کے حل کے لیے متعلقہ حکام کے سامنے مؤثر انداز میں آواز اٹھائے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

گلشنِ حدید میں 70 لاکھ روپے کے موبائل فون چوری، 6 ملزمان نے دکان کا صفایا کر دیا

کراچی (این این آئی) گلشنِ حدید میں ڈکیتی اور چوری کی وارداتوں کا سلسلہ نہ رک سکا، رات گئے 6 ملزمان نے تھانہ اسٹیل ٹاؤن کی حدود میں موبائل فون کی دکان کے تالے توڑ کر قیمتی موبائل فون چوری کر لیے۔ دکاندار کے مطابق چوری ہونے والے موبائل فونز کی مالیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

ڈینگی مریض کی ہلاکت کا مقدمہ، سول اسپتال حیدرآباد کے 27 ڈاکٹروں کے ناقابلِ ضمانت وارنٹ جاری

حیدرآباد (این این آئی) سول جج و جوڈیشل مجسٹریٹ نمبر 12 کی ماڈل ٹرائل کورٹ نے سول اسپتال حیدرآباد میں زیرِ علاج ڈینگی کے 17 سالہ مریض کی ہلاکت کے مقدمے میں نامزد پروفیسر، ایسوسی ایٹ پروفیسر اور اسسٹنٹ پروفیسر سمیت 27 ڈاکٹروں کے ناقابل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

فریال تالپور کا بابل خان جکھرانی کے گھر پولیس چھاپے کا نوٹس

آئی جی سندھ سے رپورٹ طلب، چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال نہیں ہونا چاہیے

ذاتی رنجشوں کو سیاست میں گھسیٹنے سے گریز کیا جائے، چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے داخلہ

کراچی (این این آئی) سندھ اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کی چیئرپرسن فریال تالپور نے سابق رکن قومی اسمبلی مرحوم بابل خان جکھرانی کی رہائش گاہ پر پولیس چھاپے کا نوٹس لیتے ہوئے آئی جی سندھ سے رپورٹ طلب کر لی ہے۔ فریال تالپور نے واقعے کی مکمل، شفاف اور غیر جانب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

گلشنِ فلک ناز میں 5 افراد کی ہلاکت، تحقیقات کے لیے پولیس ٹیم تشکیل

شاہ زیب کے قریبی دوستوں کے بیانات ریکارڈ کرنے کا فیصلہ، موبائل فونز اور پستول فرانزک معائنے کے لیے بھیجے جائیں گے

کراچی (این این آئی) بن قاسم ٹاؤن کی گلشنِ فلک ناز سوسائٹی میں ایک ہی خاندان کے پانچ افراد کی ہلاکت کے واقعے کی تحقیقات کے لیے ملیر پولیس نے تفتیشی ٹیم تشکیل دے دی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

کراچی میں پولیس مقابلے، 4 مبینہ ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

سعید آباد اور سرجانی ٹاؤن میں کارروائیاں، اسلحہ، موبائل فون، چھینا گیا پرس، نقدی اور موٹر سائیکل برآمد

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں | میں پولیس مقابلوں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

این بی پی نے سسٹین ایبل انفرااسٹرکچر انیشی ایٹو پاکستان ایوارڈ جیت لیا

سنگاپور میں منعقدہ تقریب، انویسٹمنٹ، بینکنگ شعبے میں نمایاں کارکردگی کا اعتراف

صارفین اور شراکت داروں کیساتھ ملکر مالی حل متعارف کرانے کیلئے پُرعزم ہیں، عثمان شاہد



کراچی (علیم نواب خان سے) نیشنل بینک نے ایشین بینکنگ اینڈ فنانس (اے بی ایف) کارپوریٹ اینڈ انویسٹمنٹ بینکنگ ایوارڈز 2026 میں سسٹین ایبل انفرا اسٹرکچر انیشی ایٹو پاکستان ایوارڈ جیت لیا ہے۔ سنگاپور میں منعقدہ تقریب میں پیش کیے گئے اس ایوارڈ کے ذریعے ایشیا بھر میں کارپوریٹ اور انویسٹمنٹ بینکنگ کے شعبے میں نمایاں کارکردگی کا اعتراف کیا گیا۔ این بی پی کے ایس ای وی پی اور گروپ چیف، کارپوریٹ اینڈ انویسٹمنٹ بینکنگ گروپ، عثمان شاہد نے کہا کہ ہم اپنے صارفین اور شراکت داروں کے ساتھ مل کر ایسے مالی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

تکنیکی وجوہات کے باعث کراچی سے روانہ ہونے والی 8 پروازیں منسوخ

ہیجنگ، دبئی، اسلام آباد، ملتان اور ریاض جانے والی پروازیں متاثر، مسافروں کو مشکلات کا سامنا

کراچی (این این آئی) تکنیکی وجوہات کے | باعث کراچی سے روانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

صدر اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری محمد ذکرا کبر ضیاء کو صدر آل پاکستان انجمن تاجران محمد اجمل بلوچ گلدستہ پیش کر رہے ہیں، جبکہ سابق نائب صدر آئی سی سی آئی عرفان چوہدری سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ کو بھی گلدستہ پیش کر رہے ہیں۔ اس موقع پر آئی سی سی آئی کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین محمد نعمان، شاہد عباسی عمر حسین، ملک عباس ہاشمی محمد استخار علی خان اور چیمبر کے دیگر اراکین بھی موجود ہیں۔

کراچی: آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو سے یوعیسف کے وفد کا ملاقات کے موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو

روزنامہ قوم کی آواز
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: نصرت حارث
کراچی
نیوز ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرحمٰی ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
GROUP OF PUBLICATION
VON VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

سیاسی تدبر کا مظاہرہ کریں۔۔۔!

قومی اسمبلی نے خیبر پختونخوا (کے پی) میں ایمرجنسی کے نفاذ کی منظوری کی قرارداد کثرتِ رائے سے منظور کرلی۔ اِس موقع پر اپوزیشن نے قرارداد کی مخالفت کی اور نعرے لگائے۔ منگل کو شروع ہونے والے اجلاس سے قبل وزیراعظم شہباز شریف نے مسلم لیگ (ن) کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کا لانگ مارچ معیشت تباہ کرنے کی سازش تھی، صوبے کے عوام 13 سال سے ترقی کیلئے ترس رہے تھے، حکومت کے پاس کوئی راستہ نہیں تھا، خیبر پختونخوا کے بہترین مفاد میں مشکل فیصلہ کرنا پڑا۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ وفاقی حکومت نے صوبائی حکومت کے ساتھ مل کر چلنے اور صوبے کے مسائل حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کی، ہم صوبے میں دہشت گردی اور بے روزگاری کا خاتمہ چاہتے ہیں، اَمن اور امان کی بہتری سمیت ترقی کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ نائب وزیراعظم وزیرخارجہ اور قائد ایوان سینیٹر اسحاق ڈار نے سینیٹ فلور پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا اسمبلی کو چھ ماہ جبکہ حکومت کی بحالی کو سال ڈیڑھ سال لگ جائیں گے۔ سہیل آفریدی کے دور میں دہشت گردی کے واقعات دوگنا ہوگئے، دہشت گردی کے خلاف جنگ کیلئے آٹھ سو ارب دیے گئے تھے لیکن فرانزک لیب بنی اور نہ ہی مطلوبہ سطح کا محکمہ انسدادِ دہشت گردی (سی ٹی ڈی) بن سکا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ مذاکرات کامیاب ہوجاتے تو کے پی میں گورنر راج یا ایمرجنسی نہ لگتی، مذاکراتی ٹیم وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کو تمام معاملات سے آگاہ کرتی رہی باوجود اِس کے ٹیم کا دعویٰ تھا کہ وہ مکمل طور پر بااختیار ہے، مذاکرات میں سب کچھ طے ہونے کے بعد طے پانے والی تحریر سہیل آفریدی کو بھجوائی گئی جو انہوں نے پی ٹی آئی کے مفرور رہنما مراد سعید کو بھیج دی اور پھر اچانک آکر کہا گیا کہ معاہدہ نہیں ہوسکتا، مراد سعید نے اسے مسترد کردیا تھا۔ سہیل آفریدی کے انکار کی وجہ سے حکومت کی دو دن کی محنت ضائع ہوگئی۔ وزیر داخلہ نے دعویٰ کیا کہ اِس وقت ہونے والی دہشت گردی میں 80 فیصد افراد افغانستان سے آرہے ہیں جبکہ پی ٹی آئی کے بعض افراد کے کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) سے رابطے ہیں اور اِس کے ثبوت وہ وقت آنے پر پیش کردیں گے۔ ملک کی موجودہ سیاسی اور آئینی صورتحال، بالخصوص کے پی میں ایمرجنسی اور گورنر راج کا نفاذ اور اُس کے تناظر میں سامنے آنے والے حقائق، ملک کو درپیش پیچیدہ چیلنجوں کی سنگینی کو اُجاگر کرتے ہیں۔ وزیراعظم کا پارلیمانی پارٹی اور اتحادی رہنماؤں سے خطاب کے دوران یہ کہنا کہ اُنہیں خیبر پختونخوا کے بہترین عوامی مفاد میں مشکل فیصلہ کرنا پڑا، لانگ مارچ، سیاسی کشیدگی معیشت اور اَمن وامان کے لئے نقصان دہ ہے، حکومت کے نقطہ نظر کو واضح کرتا ہے۔ سینیٹ اور قومی اسمبلی میں وزراء نے مذاکراتی عمل اور اُس کے پس پردہ جو کچھ ہوتا رہا اسے بھی پوری قوم کے سامنے رکھ دیا ہے۔ بدھ کو قومی اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع خواجہ آصف نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ سہیل آفریدی افغانستان میں بیٹھے ایک شخص سے ہدایات لیتے تھے۔ پی ٹی آئی کی مرکزی اور صوبائی قیادت کے درمیان ہم آہنگی اور کنٹرول کا فقدان ہے۔ وزیر داخلہ کے بقول مذاکرات کے دوران جس طرح تجاویز اور مسودات کو بار بار تبدیل کیا گیا اور بالآخر سابق وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے تمام تر طے شدہ امور کو مفرور رہنما مراد سعید اور دیگر دھڑوں کی مرضی کے تابع کردیا، اُس سے یہ حقیقت واضح ہوجاتی ہے کہ پی ٹی آئی میں فیصلہ سازی کس کے اختیار میں ہے۔ تحریک انصاف کو غالباً یہ خیال تھا کہ اول تو کے پی میں گورنر راج یا ایمرجنسی کا نفاذ نہیں کیا جاسکتا جس کا صوبائی قیادت اظہار بھی کرتی رہی، دوسرا یہ کہ بالفرض ایسا ہو جائے تو صوبے کے عوام سڑکوں پر نکل آئیں گے، شدید احتجاج ہوگا اور ترکیہ جیسا عوامی ردِعمل دیکھنے میں آئے گا لیکن ملک کے کسی حصے یہاں تک کہ خود کے پی میں بھی کوئی شدید عوامی ردِعمل سامنے نہیں آیا۔



عمرکوٹ پریس کلب کے سال 2026ء کے انتخابات: نومنتخب عہدیداران کی حلف برداری

صوبائی وزیر تعلیم سید سردار علی شاہ کی بطور مہمانِ خصوصی شرکت، صحافت کی اہمیت، صحافیوں کی ذمہ داریوں اور معاشرے میں میڈیا کے کردار پر تفصیلی روشنی ڈالی



کنری (رپورٹ رضوان مغل) عمرکوٹ پریس کلب کے سال 2026ء کے انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے والے نومنتخب عہدیداران کی حلف برداری کے سلسلے میں ایک پروقار تقریب مزمل گیسٹ ہاؤس میں منعقد ہوئی، جس میں سندھ کے صوبائی وزیر برائے تعلیم و معدنیات سید سردار علی شاہ نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر سید سردار علی شاہ نے صحافت کی اہمیت، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

(پی اے سی) کی ہدایات اور آڈٹ پیرا نمبر 12.5.11 کے تحت پنشنرز کی ماسٹر فائلوں کی تکمیل کیلئے مطلوبہ ریکارڈ کی تصدیق کرکے جلد جمع کرایا جائے، نوید بلوچ



میرپورخاص (بیوروچیف) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ون نوید بلوچ نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی ہے کہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (پی اے سی) کی ہدایات اور آڈٹ پیرا نمبر 12.5.1 کے تحت پنشنرز کی ماسٹر فائلوں کی تکمیل کے لیے مطلوبہ ریکارڈ کی تصدیق کرکے جلد جمع کرایا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

پیپلز پارٹی ڈسٹرکٹ ویسٹ کے صدر عابد حسین ستی کی زیر صدارت تمام سٹی ایریاز کے عہدیداران اور سندھ کونسل کے اراکین کا اہم اجلاس منعقد





کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی پاکستان پیپلز پارٹی ڈسٹرکٹ ویسٹ کراچی کے صدر عابد حسین ستی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ویسٹ کے تمام سٹی ایریاز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

سکھر کی تمام یونین میں ترقیاتی کام جاری ہیں، فراہمی ونکاسی آب اور صفائی کے مسائل حل کرنے کی کوششیں جاری، شہریوں سے صفائی عملے کے ساتھ تعاون کی اپیل، محمد یاسین آرائیں

سکھر (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی سکھر کے رہنما، یونین کمیٹی 4 ایوب گیٹ ٹاؤن جئے شاہ کے چیئرمین اور سماجی شخصیت محمد یاسین آرائیں نے کہا ہے کہ ترجمان سندھ حکومت اور میئر سکھر ارسلان اسلام شیخ کی کوششوں سے شہر کی تمام یونین کمیٹیوں میں ترقیاتی کام جاری ہیں۔ انہوں نے یونین کمیٹی کے مختلف وارڈز میں ترقیاتی منصوبوں، فراہمی ونکاسی آب کے کاموں اور صفائی سے متعلق شکایات کا جائزہ لینے کے لیے دورہ کیا۔ اس موقع پر کونسلرز، یونین کمیٹی کا عملہ اور علاقہ مکین بھی موجود تھے۔ محمد یاسین آرائیں نے علاقہ مکینوں سے گفتگو اور ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو بنیادی اور بلدیاتی حقوق فراہم کرنا پیپلز پارٹی کے نمائندوں اور کارکنوں کی اولین ذمہ داری ہے۔ شہریوں کو درپیش مسائل سے آگاہ ہیں اور جاری ترقیاتی کام جلد مکمل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

اولیاء مسجد سکھر میں محفلِ حسنِ قرات 16 اکتوبر کو ہوگی، بین الاقوامی شہرت یافتہ قراء اور نامور علمائے کرام کی شرکت

سکھر (بیورو رپورٹ) اولیاء مسجد، نصرت کالونی نمبر 5، پرانا سکھر کے زیر اہتمام عظیم الشان محفلِ حسنِ قرات جمعہ 16 اکتوبر 2026 کو نماز مغرب کے بعد منعقد ہوگی۔ محفل میں بین الاقوامی شہرت یافتہ قراء قاری فردان آدم، قاری صلاح عبداللہ، قاری سالم عیدی اور قاری طاہر طاہری شرکت کریں گے، جبکہ نامور علمائے کرام مولانا محمد صالح انڈھڑ، مفتی سعود افضل بالیچوی، مفتی شفیع محمد انڈھڑ، مفتی محمد یاسین بندھانی، حافظ عبدالحمید مہر، مولانا عبداللطیف اشرفی، مولانا محمد عابد سندھی اور قاری لیاقت علی مغل سمیت دیگر علما و مشائخ بھی شریک ہوں گے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

محکمہ تعلیم میرپورخاص اور سول سوسائٹی سپورٹ پروگرام کے درمیان ٹیچر ٹریننگ کے لیے معاہدہ طے پا گیا



میرپورخاص (بیورو چیف) محکمہ تعلیم ضلع میرپورخاص اور سول سوسائٹی سپورٹ پروگرام (CSSP) کے درمیان اساتذہ کی تربیت کے حوالے سے ایک معاہدہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

این آئی سی وی ڈی میں مورفین انجیکشنز کے معاملے پر اینٹی نارکوٹکس فورس نے سرپرائز وزٹ کیا اور تقریباً 3 ہزار ایکسپائر مورفین ایمپولز کے حوالے سے تحقیقات کیں

کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی این آئی سی وی ڈی میں مورفین انجیکشنز کے معاملے پر اینٹی نارکوٹکس فورس نے سرپرائز وزٹ کیا اور تقریباً 3 ہزار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



بنیادی مرکز صحت محمود آباد میں علاج معالجے کی سہولیات کی عدم فراہمی اور طبی عملے کے مبینہ ناروا رویے کے حوالے سے علاقہ مکینوں کی شدید شکایات



میرپورخاص (بیورو رپورٹ) بنیادی مرکز صحت محمود آباد میں علاج معالجے کی سہولیات کی عدم فراہمی اور طبی عملے کے مبینہ ناروا رویے کے حوالے سے علاقہ مکینوں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

دہائیوں سے آباد لوگوں کو بے دخل کرنا ناانصافی ہے، سردار سعید احمد پہنور

سکھر (بیورو رپورٹ) سینئر قانون دان سردار سعید احمد پہنور نے ریلوے سکھر ڈویژن کی جانب سے کئی دہائیوں سے آباد افراد کو گھروں سے بے دخل کرنے کے عمل کی مذمت کرتے ہوئے اسے ریلوے انتظامیہ اور وفاقی و صوبائی حکومتوں کی عوام دشمنی قرار دیا ہے۔ ڈسٹرکٹ بار سکھر میں ایڈووکیٹ سعید احمد قریشی کے ہمراہ گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

GOLD RATE

سونا 24K-(10 گرام)	387,517
سونا 24K-(فی تولہ)	452,000
سونا 22K-(10 گرام)	355,224
سونا 22K-(فی تولہ)	414,440
چاندی-(10 گرام)	5824

نماز ٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	09:15 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	398/kg
برائلر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)



ٹرینوں کی آمدورفت

علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیزگام	5:30	9:55

شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
امارات درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

International Roundup

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

شیخ محمد بن راشد المکتوم نے محمد القرقاوی کو قومی خدمات کے اعتراف میں محمد بن راشد اسکارف عطا کردیا

شیخ محمد بن راشد المکتوم نے محمد القرقاوی کو قومی خدمات پر خصوصی اعزاز سے نوازا، شیخ حمدان بن محمد بن راشد المکتوم بھی شریک

شیخ منصور اور شیخہ لطیفہ بھی تقریب میں پیش پیش، شیخ محمد بن راشد المکتوم نے محمد القرقاوی کی تین دہائیوں پر محیط وفاداری اور قومی خدمات کو سراہا

محمد القرقاوی نے اس اعزاز کو متحدہ عرب امارات کی ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے مزید محنت کرنے اور عالمی سطح پر ملک کی حیثیت مضبوط بنانے کا اہم محرک قرار دیا



دبئی (بزنس رپورٹر) متحدہ عرب امارات کے نائب صدر، وزیراعظم اور دبئی کے حکمران عزت مآب شیخ محمد بن راشد المکتوم نے محمد بن عبداللہ القرقاوی کو ملک کے لیے طویل عرصے تک گراں قدر خدمات انجام دینے کے اعتراف میں ''محمد بن راشد اسکارف'' سے نواز دیا۔ یہ اعزاز محمد بن راشد لیڈرشپ فورم کے موقع پر عطا کیا گیا، جہاں دبئی کے ولی عہد، متحدہ عرب امارات کے نائب وزیراعظم، وزیر دفاع اور دبئی کی ایگزیکٹو کونسل کے چیئرمین شیخ حمدان بن محمد بن راشد المکتوم بھی موجود تھے۔ شیخ محمد بن راشد المکتوم نے محمد بن عبداللہ القرقاوی کو یہ اعزاز محمد بن راشد لیڈرشپ فورم کے دوران عطا کیا۔ محمد القرقاوی شیخ محمد بن راشد المکتوم کے ایگزیکٹو آفس کے چیئرمین اور محمد بن راشد سینٹر فار لیڈرشپ ڈیولپمنٹ کے سربراہ ہیں۔ اس اعزاز کا مقصد قومی قیادت کے لیے ان کی طویل خدمات، حکومتی ترقی میں کردار اور اہم قومی منصوبوں کی کامیاب نگرانی کو سراہنا ہے۔ تقریب میں شیخ حمدان بن محمد بن راشد المکتوم کے علاوہ شیخ منصور بن محمد بن راشد المکتوم، جو متحدہ عرب امارات کی قومی اولمپک کمیٹی کے صدر ہیں، اور شیخہ لطیفہ بنت محمد بن راشد المکتوم، چیئرپرسن دبئی کلچر اینڈ آرٹس اتھارٹی، بھی شریک ہوئیں۔ دبئی ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں منعقد ہونے والے اس سالانہ فورم میں دبئی کے سرکاری اور نجی شعبوں سے تعلق رکھنے والے ایک ہزار اہم رہنماؤں نے شرکت کی۔ شیخ محمد بن راشد المکتوم نے محمد القرقاوی کی تین دہائیوں پر محیط رفاقت، وفاداری اور قومی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ ملک کے مخلص اور قابل اعتماد انتظامی رہنماؤں میں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محمد القرقاوی نے ہمیشہ اپنے مؤقف پر ثابت قدمی، وعدوں کی پاسداری اور قیادت و عوام کی خدمت کے جذبے کا مظاہرہ کیا ہے۔ شیخ محمد بن راشد نے اس امید کا اظہار کیا کہ وہ مستقبل میں بھی مزید کامیابیاں حاصل کریں گے۔ محمد القرقاوی نے اس اعزاز کو متحدہ عرب امارات کی ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے مزید محنت کرنے اور عالمی سطح پر ملک کی حیثیت مضبوط بنانے کا اہم محرک قرار دیا۔



اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے موقع پر امارات کی مزبانی میں یوتھ ڈائیلاگ، شیخ عبداللہ بن زاید کی شرکت

وزارت خارجہ نے نیویارک میں اقوام متحدہ کیلئے امارات کے مستقل مشن میں اس مکالمے کا اہتمام کیا، 10 ممالک سے 52 نوجوان نمائندوں کی شرکت

تقریب کے دوران ایک پینل مباحثہ بھی منعقد ہوا، جس میں وزیر مملکت برائے بین الاقوامی تعاون ریم بنت ابراہیم الہاشمی اور معاون وزیر خارجہ برائے جدید سائنس و ٹیکنالوجی عمران شرف نے شرکت کی۔ مباحثے کی نظامت وزارت خارجہ کے شعبہ اسٹریٹجک کمیونیکیشنز کی ڈائریکٹر افراہ مہاش الہاملی نے کی



نیویارک (بزنس رپورٹر) متحدہ عرب امارات نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے موقع پر یوتھ ڈائیلاگ کا انعقاد کیا، جس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ عزت مآب شیخ عبداللہ بن زاید النہیان نے شرکت کی۔ وزارت خارجہ نے نیویارک میں اقوام متحدہ کے لیے متحدہ عرب امارات کے مستقل مشن میں اس مکالمے کا اہتمام کیا، جس میں 10 ممالک سے 52 نوجوان نمائندوں نے شرکت کی۔ ان ممالک میں مملکت بحرین، جمہوریہ لبنان، امریکہ، عوامی جمہوریہ چین، جمہوریہ بھارت، جمہوریہ گیمبیا، برطانیہ، کینیڈا، دولت مشترکہ آسٹریلیا اور متحدہ میکسیکن ریاستیں شامل تھیں۔ امریکہ میں زیر تعلیم اماراتی نوجوانوں نے بھی تقریب میں شرکت کی۔ شرکا نے نوجوانوں کو درپیش اہم چیلنجز اور دستیاب مواقع کے ساتھ ساتھ موجودہ عالمی مسائل کے حل میں ان کے کردار پر تبادلہ خیال کیا۔ مکالمے میں نوجوانوں کے مستقبل سے متعلق مختلف موضوعات زیر بحث آئے، جن میں تنازعات کے اثرات، موسمیاتی تبدیلی، ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت میں تیز رفتار پیش رفت، تعلیم اور روزگار کے مواقع، اور زیادہ محفوظ و پائیدار معاشروں کی تعمیر میں نوجوانوں کا کردار شامل تھا۔ عزت مآب شیخ عبداللہ بن زاید نے یوتھ ڈائیلاگ کے شرکا کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان صرف مستقبل کے رہنما ہی نہیں بلکہ حال کی تشکیل میں بھی اہم شراکت دار ہیں، اس لیے ان کی براد ریوں اور دنیا کو درپیش چیلنجز سے متعلق بحث اور فیصلہ سازی میں ان کی آواز کو شامل کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے نوجوانوں کو اپنے خیالات اور تصورات کے اظہار کے لیے مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرنے اور ان کی خواہشات کو براہ راست سننے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان تخلیقی صلاحیتوں اور قابلیت سے بھرپور ہیں اور معاشروں کو درپیش مسائل کے عملی حل تیار کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ عزت مآب شیخ عبداللہ بن زاید نے مزید کہا کہ نوجوانوں کی شمولیت صرف ان کی آرا سننے تک محدود نہیں ہونی چاہیے بلکہ انہیں حل تیار کرنے اور موجودہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے شراکت داریاں قائم کرنے کے قابل بنانا بھی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ طریقہ کار بین الاقوامی کوششوں کی مؤثریت بڑھاتا ہے اور انہیں آنے والی نسلوں کی امنگوں سے ہم آہنگ کرنے میں مدد دیتا ہے۔ تقریب کے دوران ایک پینل مباحثہ بھی منعقد ہوا۔



بقیہ نمبر 1 — قوم کی آواز

صحافیوں کی ذمہ داریوں اور معاشرے میں میڈیا کے کردار پر تفصیلی روشنی ڈالی۔انہوں نے کہا کہ صحافت معاشرے کا ایک اہم اور ذمہ دار شعبہ ہے، جو عوامی مسائل کو اجاگر کرنے، عام لوگوں کی آواز اعلیٰ حکام تک پہنچانے اور معاشرے میں شعور بیدار کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ صحافیوں پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ سچائی، ایمانداری، غیر جانبداری اور پیشہ ورانہ اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں ادا کریں اور اپنے حلف کی پاسداری کریں، تا کہ عوام کو درست، مستند اور حقائق پر مبنی معلومات فراہم کی جا سکیں۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ صحافت محض خبریں شائع کرنے کا نام نہیں، بلکہ یہ عوام اور حکومت کے درمیان رابطے کا ایک اہم ذریعہ بھی ہے۔ صحافیوں کو چاہیے کہ وہ عوام کو درپیش مسائل، تعلیم، صحت، بنیادی سہولیات، ترقیاتی کاموں اور سماجی معاملات کو مناسب انداز میں اجاگر کریں، تا کہ ان مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کی توجہ حاصل کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں کو معاشرے کی حقیقی عکاسی کرنی چاہیے، کیونکہ صحافی معاشرے کا آئینہ ہوتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ میں نے کبھی تنقید کو تذلیل نہیں سمجھا، کیونکہ صحافیوں کی تنقید سے اصلاح کے راستے کھلتے ہیں۔ سید سردار علی شاہ نے کہا کہ سوشل میڈیا کے آنے کے بعد صحافت کا انداز اور دور تبدیل ہو چکا ہے، اس لیے نوجوان صحافیوں کو جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے تربیت فراہم کی جانی چاہیے، تا کہ وہ بدلتے ہوئے دور کے تقاضوں کے مطابق اپنی صحافتی ذمہ داریاں بہتر انداز میں ادا کر سکیں۔ تقریب کے دوران عمرکوٹ پریس کلب کے سال 2026ء کے انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے والے نو منتخب عہدیداران سے حلف لیا گیا، جن میں صدر امین محمد میمن، نائب صدر ممتاز آریسر، جنرل سیکریٹری مدن گوپال، جوائنٹ سیکریٹری محمد اسلم مہر، خزانچی نظر سمیجو، پریس سیکریٹری کانجی مل، آفس سیکریٹری ناہید حسین خٹک اور رابطہ سیکریٹری سہیل کنبھر شامل ہیں۔ اس موقع پر امید ظاہر کی گئی کہ نو منتخب عہدیداران صحافتی اصولوں اور اخلاقی اقدار کو ترجیح دیتے ہوئے صحافیوں کی فلاح و بہبود، صحافتی سرگرمیوں کے فروغ اور عوامی مسائل کی نشاندہی کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ عمرکوٹ پریس کلب ضلع میں صحافتی سرگرمیوں کا ایک اہم مرکز ہے، جہاں سے صحافی عوامی مسائل، سماجی معاملات اور ضلع کی مختلف سرگرمیوں کو اجاگر کرنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے ہیں۔ پریس کلب کی نئی باڈی کے انتخاب اور حلف برداری کو صحافتی سرگرمیوں کے تسلسل اور ادارے کی مضبوطی کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت قرار دیا گیا۔ تقریب کے اختتام پر نو منتخب عہدیداران صدر امین محمد میمن، نائب صدر ممتاز آریسر، جنرل سیکریٹری مدن گوپال، جوائنٹ سیکریٹری محمد اسلم مہر، خزانچی نظر سمیجو، پریس سیکریٹری کانجی مل، آفس سیکریٹری ناہید حسین خٹک اور رابطہ سیکریٹری سہیل کنبھر کو مبارکباد پیش کی گئی۔ اس امید کا اظہار بھی کیا گیا کہ وہ صحافتی برادری میں اتحاد، بھائی چارے اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو مزید مضبوط بنائیں گے، جبکہ عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور سماجی ترقی کے لیے مثبت صحافت کو فروغ دیں گے۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر عمرکوٹ نوید الرحمٰن لاڑک، چیئرمین ضلع کونسل عمرکوٹ حاجی محمد بقاپلی، وائس چیئرمین ضلع کونسل عمرکوٹ میاں خالد ولہاری، اسسٹنٹ کمشنر عمرکوٹ رجب علی سٹھیو، ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر عمرکوٹ محمد اسلم بھٹی، پاکستان پیپلز پارٹی ضلع عمرکوٹ کے نائب صدر برہان الدین کنبھر، وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی عمرکوٹ کمار ٹلوانی، سینئر سٹیزن اقبال میمن، جلال کوری، حاجی سانند، دلیپ مول چنڈانی، قاسم سانند، پیپلز پارٹی کے ضلعی انفارمیشن سیکریٹری گھنشام بجیر، منٹھار آریسر، پیپلز پارٹی کے رہنما مدن سومانی، سید شمشیر علی شاہ، 1122 میرپور خاص ڈویژن کے ڈویژنل ہیڈ بنسی ماکھی، سلیم مہر، ہینڈز کے ڈسٹرکٹ منیجر منصور میمن، گلوکار رفیق فقیر، کنری، سامارو، ڈھورو نارو، اور چھور سمیت ضلع عمرکوٹ کے مختلف صحافیوں، سینئر صحافی ممتاز نہڑیو سمیت دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 2 — قوم کی آواز

ایکسپائر مورفین ایمپولز کے حوالے سے تحقیقات کیں۔ ذرائع کے مطابق تحقیقات کے دوران یہ بات بھی سامنے آئی کہ 19-2018 کے دوران بھی مورفین انجیکشنز کی خریداری کی گئی تھی، تاہم استعمال کے بعد خالی ایمپولز کو مناسب طریقے سے محفوظ رکھنے، ان کی ہینڈلنگ اور ریکارڈ مرتب کرنے کے حوالے سے سنگین کوتاہیاں سامنے آئیں۔ ذرائع کے مطابق اینٹی نارکوٹکس فورس کے اہلکاروں نے موقع پر موجود صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا، تصاویر بنائیں اور متعلقہ معاملات کی چھان بین کی۔ فورس کی جانب سے مزید تحقیقات کے لیے دوبارہ دورہ کرنے کا بھی عندیہ دیا گیا ہے۔ اس معاملے نے این آئی سی وی ڈی میں ادویات کی خریداری، استعمال، ایکسپائر ہونے اور خالی ایمپولز کی محفوظ ہینڈلنگ کے نظام پر سنگین سوالات اٹھا دیے ہیں۔ بالخصوص یہ سوال اہم ہے کہ ہزاروں ایمپولز کے معاملے میں نگرانی اور انتظامی ذمہ داری کس کی تھی اور ان مبینہ کوتاہیوں کا ذمہ دار کون ہے؟ پروفیسر طاہر صغیر کی انتظامی کارکردگی پر بھی سوالات مورفین انجیکشنز اور خالی ایمپولز کی ہینڈلنگ کے معاملے نے ادارے کی انتظامی نگرانی اور ذمہ داران کے کردار پر بھی سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ اینٹی نارکوٹکس فورس اپنی مزید تحقیقات میں کن حقائق کو سامنے لاتی ہے، کن ذمہ داران کا تعین کرتی ہے اور اس معاملے میں کس کے خلاف کارروائی کی سفارش کی جاتی ہے۔ اصل سوال یہ ہے کہ کیا اس سنگین معاملے کی شفاف تحقیقات کر کے ذمہ داران کا تعین کیا جائے گا یا ایک بار پھر انتظامی کوتاہیوں کی ذمہ داری ایک دوسرے پر ڈال دی جائے گی؟

بقیہ نمبر 3 — قوم کی آواز

کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ عوامی اعتماد ہی ان کی کامیابی ہے اور شہری مسائل کے حل کے لیے کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ شہر اور اپنی یونین کمیٹیوں کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے صفائی عملے سے تعاون کریں۔

بقیہ نمبر 4 — قوم کی آواز

شدید شکایات کرتے ہوئے محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے علاقہ مکینوں کے مطابق مرکز صحت پر آنے والے مریضوں کو مناسب طبی سہولیات فراہم نہیں کی جاتیں حتیٰ کہ مریضوں کا بخار اور بلڈ پریشر تک چیک نہیں کیا جاتا اور انہیں ضروری ادویات بھی فراہم نہیں کی جاتیں علاقہ مکینوں چوہدری شوکت جٹ، عبدالغفور رانجھا، زبیر انجم، مقصود احمد، لیاقت علی، جاوید خان، رضوان علی اور دیگر نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ بنیادی مرکز صحت محمود آباد میں 2011 سے تعینات ڈاکٹر پردیپ کمار اور نرس عقیلہ مبینہ طور پر مریضوں کے ساتھ ہتک آمیز رویہ اختیار کرتے ہیں اور علاج کے لیے آنے والے افراد کو طبی سہولیات فراہم کرنے کے بجائے واپس بھیج دیتے ہیں انہوں نے مزید الزام لگایا کہ مذکورہ طبی عملہ مرکز صحت میں آنے والے مریضوں کا علاج کرنے کے بجائے معاوضہ لے کر لوگوں کے گھروں میں جا کر علاج کرنے میں مصروف ہے، جس کے باعث سرکاری مرکز صحت سے رجوع کرنے والے غریب اور مستحق مریضوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے علاقہ مکینوں کا کہنا تھا کہ بنیادی مرکز صحت کا مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر مفت اور معیاری طبی سہولیات فراہم کرنا ہے تاہم اگر مریضوں کو معمولی طبی معائنے اور ضروری ادویات کے لیے بھی پریشانی کا سامنا کرنا پڑے تو ایسے مرکز صحت کی افادیت پر سوالات اٹھتے ہیں انہوں نے محکمہ صحت کے افسران اور ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ کیا کہ بنیادی مرکز صحت محمود آباد کی کارکردگی، طبی عملے کی حاضری، مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور ادویات کی دستیابی کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں علاقہ مکینوں نے مطالبہ کیا کہ شکایات درست ثابت ہونے کی صورت میں ذمہ داران کے خلاف محکمانہ کارروائی کی جائے اور مرکز صحت میں مریضوں کو باعزت رویے کے ساتھ بروقت علاج، طبی معائنے اور ضروری ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائے تا کہ غریب عوام کو علاج معالجے کے لیے دربدر کی ٹھوکریں نہ کھانی پڑیں۔

بقیہ نمبر 5 — قوم کی آواز

وزیر اعظم محمد خان جونیجو نے 1985 کے پانچ نکاتی سماجی و اقتصادی پروگرام کے تحت ریلوے، اوقاف، میونسپل کارپوریشن اور آبپاشی کی زمینوں پر قائم کچی آبادیوں کے مکینوں کو مالکانہ حقوق دینے کا فیصلہ کیا تھا۔ سردار سعید احمد پہنور نے کہا کہ سکھر سمیت مختلف علاقوں میں کئی دہائیوں سے رہائش پذیر ایسے افراد کو بھی گھروں سے نکالا جا رہا ہے، جو مالکانہ حقوق کے حصول کے لیے عدالتوں سے رجوع کر چکے ہیں۔ ان کے بقول یہ عمل شہریوں کے ساتھ ناانصافی ہے اور متاثرین کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر فورم پر آواز اٹھائی جائے گی۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ ریلوے اراضی پر قائم مہنگے فلیٹس، بنگلوں اور تجارتی عمارتوں کے خلاف کارروائی کے بجائے غریب مکینوں کو ہی کیوں نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے حکومت اور ریلوے حکام سے مطالبہ کیا کہ بے دخلی کے معاملے کا نوٹس لیا جائے، متاثرین کے قانونی حقوق کا تحفظ کیا جائے اور انہیں شہری سہولتیں فراہم کی جائیں۔ سینئر قانون دان نے خبردار کیا کہ عوامی مسائل حل نہ کیے گئے تو متاثرین اپنے حقوق کے لیے سڑکوں پر آنے پر مجبور ہو سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 6 — قوم کی آواز

اولیاء مسجد کے خطیب مولانا امان اللہ سکھروی کے مطابق محفل کے انعقاد کا مقصد حضور نبی کریم ﷺ کی سیرت طیبہ، تعلیمات اور محبت رسول ﷺ کو فروغ دینا ہے۔ اس موقع پر علمائے کرام خطاب کریں گے جبکہ نعت خوانان رسول نعتیہ کلام پیش کریں گے۔ منتظمین نے شہریوں اور عاشقان رسول ﷺ سے محفل میں شرکت کی اپیل کی ہے۔

بقیہ نمبر 7 — قوم کی آواز

طے پا گیا ہے۔جس کے تحت سرکاری اسکولوں کے

اساتذہ کو خواتین کو بااختیار بنانے، صنفی بنیادوں پر تشدد (Violence Based-Gender)، مثبت مردانہ کردار (Masculinity Positive) اور دیگر اہم سماجی موضوعات پر تربیت فراہم کی جائے گی۔ اس موقع پر تعلقہ ایجوکیشن آفیسر مونا ناز، اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر رضیہ بیگم، سول سوسائٹی کے شاہد الرحمٰن، اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر علی خان ناریجو و دیگر افسران و سماجی شخصیات موجود تھیں۔ اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری میر فضل محمد تالپور اور سول سوسائٹی سپورٹ پروگرام کے ڈسٹرکٹ مینیجر محمد بخش کپری نے محکمہ تعلیم کے دفتر میں معاہدے پر دستخط کیے۔ معاہدے کے تحت منتخب اساتذہ آئندہ ماہ سے اسلام آباد میں منعقد ہونے والی تربیتی سرگرمیوں میں شرکت کریں گے، جہاں انہیں خواتین کے حقوق، صنفی مساوات، صنفی بنیادوں پر تشدد کی روک تھام، مثبت مردانہ کردار اور دیگر اہم موضوعات پر تربیت دی جائے گی۔ تربیت حاصل کرنے کے بعد یہ اساتذہ اپنے متعلقہ اسکولوں میں طلبہ و طالبات کے لیے آگاہی سیشنز منعقد کریں گے، تا کہ تربیت کے ثمرات زیادہ سے زیادہ بچوں تک پہنچ سکیں۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر میر فضل محمد تالپور اور CSSP کے ڈسٹرکٹ مینیجر محمد بخش کپری نے کہا کہ معاشرے میں بچیوں اور بچوں کو صنفی مساوات، خواتین کے حقوق اور تشدد کی روک تھام کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اسکول اس مقصد کے لیے ایک مؤثر پلیٹ فارم ہیں، جہاں بچوں کی مثبت سوچ اور رویوں کی تشکیل میں اہم کردار ادا کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اساتذہ کے ذریعے اسکولوں میں آگاہی سیشنز کے انعقاد سے نہ صرف طلبہ و طالبات میں شعور اجاگر ہوگا بلکہ وہ اپنے گھروں، خاندانوں اور محلوں میں بھی مثبت پیغام پہنچانے کا ذریعہ بنیں گے۔ دونوں اداروں کے درمیان یہ تعاون صنفی مساوات کے فروغ، خواتین کو بااختیار بنانے اور تشدد سے پاک، محفوظ اور مساوی معاشرے کی تشکیل کی جانب ایک اہم اور خوش آئند قدم ہے۔

بقیہ نمبر 8 — قوم کی آواز

کے عہدیداران اور سندھ کونسل کے اراکین کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں 18 اکتوبر کو شہدائے کارساز کی یاد میں منعقد ہونے والے پروگرام کے انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی اجلاس میں ڈسٹرکٹ ویسٹ کے سینئر نائب صدر صدیق اکبر، انفارمیشن سیکریٹری علی اکبر کاچھیلو سمیت پارٹی کے دیگر رہنماؤں اور عہدیداران نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ 18 اکتوبر کو شام 4 بجے شہدائے کارساز کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی اور اجتماعی دعا کا اہتمام کیا جائے گا، جبکہ 17 اکتوبر کی شام یادگار شہدائے کارساز پر شہداء کی یاد میں دیے روشن کیے جائیں گے اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی ڈسٹرکٹ ویسٹ کے صدر عابد حسین ستی نے شہدائے کارساز کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہدائے کارساز کی قربانیاں پاکستان کی جمہوری تاریخ کا ناقابل فراموش باب ہیں۔ ان عظیم شہداء نے جمہوریت، عوامی حقوق اور پاکستان پیپلز پارٹی کے نظریے سے وفاداری کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور ان کے مشن کو جاری رکھا جائے گا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ویسٹ کے تمام سٹی ایریاز کے صدور، جنرل سیکریٹریز اور انفارمیشن سیکریٹریز کے علاوہ پاکستان پیپلز یوتھ آرگنائزیشن، پاکستان پیپلز اسٹوڈنٹس فیڈریشن، مناریٹی ونگ، پیپلز لیڈیز ونگ، زکوٰۃ کمیٹی کے چیئرمینز، ٹاؤن چیئرمینز اور دیگر پارٹی عہدیداران نے شرکت کی اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ شہدائے کارساز کی یاد میں منعقد ہونے والے پروگرام کو بھرپور انداز میں کامیاب بنایا جائے گا۔ اس سلسلے میں تمام تنظیمی عہدیداران کو اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کرنے کی ہدایت کی گئی تا کہ جمہوریت کی خاطر جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کو بھرپور خراج عقیدت پیش کیا جا سکے۔

بقیہ نمبر 9 — قوم کی آواز

جائے۔ اس سلسلے میں منعقدہ اجلاس میں ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر نثار احمد کوکھر اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران پنشنرز کے ریکارڈ کی فراہمی اور ماسٹر فائلوں کی تکمیل میں درپیش مسائل کا جائزہ لیا گیا۔ نوید بلوچ نے ہدایت کی کہ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر کی جانب سے فراہم کردہ فہرستوں کی جانچ پڑتال کے بعد متعلقہ پنشنرز کا مکمل ریکارڈ جمع کرایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ فہرستوں میں شامل ایسے افراد، جن کا تعلق متعلقہ محکموں سے نہیں ہے، ان کے بارے میں تحریری وضاحت فراہم کی جائے، جبکہ دستیاب نہ ہونے والے ریکارڈ کی بھی واضح نشاندہی کی جائے انہوں نے خبردار کیا کہ مطلوبہ ریکارڈ فراہم نہ کیے جانے کی صورت میں متعلقہ پنشنرز کی پنشن کی ادائیگی متاثر ہونے یا رک جانے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے افسران پر زور دیا کہ پنشنرز کے مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے ریکارڈ کی تکمیل ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنائی جائے، تا کہ پی اے سی کی ہدایات پر عملدرآمد کے ساتھ پنشنرز کو پنشن کے حصول میں مشکلات سے بچایا جا سکے۔

بقیہ نمبر 10 — قوم کی آواز

ویز اور خواستوں کے ساتھ جمع کرائی جانے والی دستاویزات کے معیار کو بہتر بنانا ہوگا۔ پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان تعاون سے غیر قانونی ہجرت میں نمایاں کمی لانے میں مدد ملی ہے۔ غیر قانونی طور پر یورپ آنے والے پاکستانیوں کی تعداد میں 50 فیصد سے زائد کی اچھی خبر ہے۔ غیر قانونی ہجرت کو قابو میں لانا اس لیے اہم ہے تا کہ یورپ کے اندر قانونی ہجرت کیلیے مزید سیاسی گنجائش پیدا کی جا سکے۔ ویزا اپائنٹمنٹس میں مشکلات کے حوالے سے انہوں نے کہا ویزا کا معاملہ بڑی حد تک یورپی یونین کے انفرادی رکن ممالک کے دائرہ اختیار میں آتا ہے، تاہم یورپی کمیشن اپنی ویزا حکمت عملی کے ذریعے باہمی رابطے کو بہتر بنانے اور اس عمل کو تیز تر کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ آبادیاتی تبدیلیوں اور افرادی قوت کی کمی کے باعث یورپ کو بھی قانونی ہجرت کی ضرورت ہے۔ میگنس برونر نے کہا پاکستان کے ساتھ یورپی یونین کی ٹیلنٹ پارٹنرشپ کے امکانات سے ابھی تک مکمل طور پر فائدہ نہیں اٹھایا جا سکا۔ میرے دورے کا مقصد یہ جائزہ لینا بھی تھا کہ کس طرح نو جوان پاکستانیوں کی مہارتوں کو یورپی معیشتوں کی ضروریات سے بہتر طور پر ہم آہنگ کیا جا سکتا ہے۔ یورپ کے لیے چیلنج یہ ہے کہ پاکستان جیسے ممالک میں دستیاب مہارتوں کو یورپی معیشتوں کی ملازمتوں کی ضروریات کے مطابق ڈھالا جائے۔ انہوں نے دیگر ممالک کے ساتھ قانونی طور پر افرادی قوت کی منتقلی کے راستے استوار کرنے کی پاکستانی کوششوں کو بھی سراہا اور اس سلسلے میں جنوبی کوریا کے ساتھ کیے گئے انتظامات کا حوالہ دیا۔ انہوں نے کہا پاکستان دنیا بھر میں، اور خاص طور پر یورپی یونین کی جانب، قانونی راستوں کے حوالے سے مسٹر بیجنگ انداز میں بہت اچھا کام کر رہا ہے۔ اس مسئلے پر برسوں کے سیاسی دباؤ کے بعد یورپ نے غیر قانونی ہجرت کے حوالے سے اپنا رویہ سخت کر لیا ہے۔ اصلاحات کے بعد گزشتہ دو سالوں کے دوران یورپی یونین میں غیر قانونی ہجرت میں مجموعی طور پر تقریباً 55 فیصد کمی آئی ہے۔ برونر نے پاکستان اور بنگلہ دیش سے خلیجی ممالک، مصر اور لیبیا کے راستے اٹلی اور یونان تک جانے والے راستے کو خاص طور پر خطرناک قرار دیا اور کہا پاکستان یورپی یونین کے ایسٹرن کوریڈور انیشی ایٹو میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، جس کا مقصد اس راستے پر غیر قانونی نقل مکانی اور انسانی سمگلنگ کا تدارک کرنا ہے۔ بہت سے پاکستانی اپنی جانیں گنوا چکے ہیں، اور اصل معاملہ بھی جانیں بچانا ہے۔ پاکستان واپس بھیجے جانے والے افراد کی شرح 30 فیصد کے لگ بھگ ہے، جو مجموعی طور پر تو ٹھیک ہے، لیکن یقیناً اس میں بھی بہتری کی گنجائش ہے۔ پاکستانی حکام نے انہیں واضح یقین دہانی کرائی ہے کہ پاکستان ان شہریوں کو واپس لے گا جو یورپی یونین میں غیر قانونی طور پر مقیم پائے جائیں گے۔ انہوں نے یورپ جانے کیلیے خطرناک اور غیر قانونی راستے اختیار کرنے پر غور کرنے والے نوجوان پاکستانیوں کو براہ راست خبردار کرتے ہوئے کہا اپنی زندگیاں انسانی سمگلروں کے ہاتھوں میں نہ دیں کیونکہ یہ بہت خطرناک ہے۔ آپ اپنی جان سے ہاتھ دھو سکتے ہیں اور یورپی یونین میں سیاسی پناہ ملنے کا امکان نہ ہونے کے برابر ہے۔

بقیہ نمبر 11 — قوم کی آواز

پوزیشن حاصل کی۔ مسٹر امریکا انٹرنیشنل باڈی بلڈنگ چیمپئن شپ میں ججز نے رمیز ابراہیم کی جسمانی ساخت اور ان کی بہترین کارکردگی کو سراہا۔ انہوں نے چیمپئن شپ میں سیز فزیک کیٹیگری میں گولڈ میڈل حاصل کرنے کے علاوہ پرو کیٹیگری میں سلور میڈل بھی حاصل کیا، جس سے ان کی کامیابی مزید نمایاں ہوگئی۔

بقیہ نمبر 12 — قوم کی آواز

وزارت خارجہ کی مدد کے منتظر ہیں۔ حماد کے بھائی نے اس سلسلے میں وزارت خارجہ کو یاد دہانی خط ارسال کر دیا ہے۔ اہل خانہ کے مطابق 13 ستمبر کو بحری جہاز ایم ٹی ایل گائیا پر حملے کے بعد عملے کے 23 ارکان کو بچا لیا گیا تھا، تاہم حماد عبیدہ سمیت دو ارکان کو ابتدائی طور پر لاپتہ قرار دیا گیا۔ اہل خانہ کا کہنا ہے کہ 26 ستمبر کو شپنگ ایجنسی نے غیر رسمی طور پر دو لاشیں ملنے کی اطلاع دی، لیکن متعلقہ اداروں کی

جانب سے انہیں تا حال باضابطہ تصدیق فراہم نہیں کی گئی۔ اہل خانہ کے مطابق 4 اکتوبر کو مسقط میں لاشوں کا طبی معائنہ کیا گیا تھا۔ انہوں نے وزارت خارجہ سے مطالبہ کیا ہے کہ حماد عبیدہ کی لاش کی ڈی این اے کے ذریعے شناخت کے عمل میں مدد فراہم کی جائے اور میت پاکستان لانے کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 13 — قوم کی آواز

ارلی وارننگ پیش گوئی کے مطابق جمعرات کو زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 38 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ جمعہ اور ہفتہ کو پارہ 39 ڈگری تک تجاوز کر سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق شہر میں مختلف سمتوں سے ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ ہوا میں نمی کا تناسب زیادہ ہونے کے باعث شہریوں کو درج شدہ درجہ حرارت کے مقابلے میں زیادہ گرمی محسوس ہو سکتی ہے۔ واضح رہے کہ اکتوبر میں کراچی کا موسم عموماً گرم رہتا ہے، جہاں دن کے وقت تیز دھوپ جبکہ شام اور رات کے اوقات میں نسبتاً بہتر موسم رہنے کا امکان ہوتا ہے۔

بقیہ نمبر 14 — قوم کی آواز

جسے جامعہ کی جامع برانڈ بک 10 روز میں تیار کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ کمیٹی جامعہ کراچی کے لوگو، سائن بورڈز اور تشہیری مواد کے لیے یکساں اصول مرتب کرے گی، جبکہ ویب سائٹس، سماجی ذرائع ابلاغ اور داخلہ مہمات میں بھی یکساں برانڈنگ رہنما اصولوں پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے گا۔ جامع برانڈ بک کے ذریعے جامعہ کراچی کی تاریخ، علمی مقام اور تحقیقی کامیابیوں کو یکساں انداز میں اجاگر کیا جائے گا۔ جامعہ کے تمام شعبہ جات منظور شدہ برانڈ بک میں طے کردہ رہنما اصولوں کے پابند ہوں گے۔

بقیہ نمبر 15 — قوم کی آواز

بچوں کی قیمتی جانوں کا ضیاع ناقابل تلافی نقصان ہے۔ انہوں نے جاں بحق بچوں کے اہل خانہ سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے زخمی بچوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔ وزیر بلدیات و ہاؤسنگ ناصر حسین شاہ نے کہا کہ اسکول حادثے میں بچوں اور اساتذہ کی ہلاکت کا واقعہ انتہائی دردناک ہے۔ بچوں کی اموات والدین کے لیے قیامت سے کم نہیں، سندھ حکومت اور عوام دکھ کی اس گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے اور زخمیوں کو جلد صحت یاب کرے۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت جام اکرام اللہ دھاریجو نے بھی حادثے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت سندھ اور صوبے کے عوام اس المناک سانحے پر خیبر پختونخوا کے عوام کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق افراد کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، لواحقین کو صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے اور زخمیوں کو صحت کاملہ عطا کرے۔

بقیہ نمبر 16 — قوم کی آواز

بھی 65 ارب 75 کروڑ 25 لاکھ 87 ہزار 774 روپے کا اضافہ ہو گیا۔ امریکا میں درمیانی مدت کے انتخابات تک امریکی صدر ٹرمپ کی خلیج سے متعلق محتاط طرز عمل سے امریکا اور ایران کی ایک دوسرے کے خلاف کوئی کارروائیوں کا تسلسل اگرچہ رک گیا ہے لیکن حوثی باغیوں کی سعودی عرب پر حملوں سے خام تیل کی عالمی قیمتوں میں دوبارہ فی بیرل 1 ڈالر کے اضافے اور دنیا بھر 100 میں بانڈز ایلڈ بڑھنے سے عالمی تجارت کو خطرات لاحق ہو گئے ہیں، کاروبار کے اختتام پر کے ایس ای انڈیکس 641.07 پوائنٹس کے اضافے سے 165417.51 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا۔ دریں اثنا بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں ایک روزہ وقفے کے بعد فی اونس سونے کی قیمت دوبارہ 30 ڈالر کی کمی سے 4 ہزار 153 ڈالر کی سطح پر آ گئی جس کے باعث مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی بدھ کو فی تولہ سونے کی قیمت 3 ہزار روپے کی کمی سے 4 لاکھ 37 ہزار 836 روپے کی سطح پر آ گئی اور فی دس گرام سونے کی قیمت 2 ہزار 572 روپے کی کمی سے 3 لاکھ 75 ہزار 373 روپے کی سطح پر آ گئی۔ علاوہ ازیں انٹر بینک مارکیٹ میں بدھ کو ڈالر کی نسبت روپیہ تگڑا رہا تاہم اسکے برعکس اوپن مارکیٹ میں روپے کے مقابلے میں ڈالر تگڑا رہا، کاروبار کے اختتام پر ڈالر کی قدر مزید 01 پیسے کی کمی سے 276 روپے 95 پیسے کی سطح پر بند ہوئی جبکہ اسکے برعکس اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قدر مزید 13 پیسے کے اضافے سے 278 روپے 79 پیسے کی سطح پر بند ہوئی۔

بقیہ نمبر 17 — قوم کی آواز

زائد افراد نے گوشوارے جمع کرائے تھے۔ ذرائع کے مطابق تنخواہ دار طبقے کے علاوہ 45 لاکھ سے زائد افراد نے انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرائے، جبکہ 22 لاکھ سے زائد تنخواہ دار افراد نے اپنے ٹیکس گوشوارے جمع کرائے ہیں۔ ذرائع نے کہا کہ چھوٹے دکانداروں کے لیے متعارف کرائی گئی خصوصی ٹیکس اسکیم کے تحت 1473 تاجروں نے گوشوارے جمع کرائے، جن میں 137 نئے اور 1336 پہلے سے رجسٹرڈ تاجر شامل ہیں۔ اس کے علاوہ 2875 دکانداروں نے ٹیکس اسکیم میں رجسٹریشن بھی کرائی ہے۔

بقیہ نمبر 18 — قوم کی آواز

کے دوران 100 سے زائد سرجریز مکمل کر لی گئی ہیں۔ اسپتال نے خواتین کے علاج میں جدید طبی ٹیکنالوجی کے استعمال کے حوالے سے اہم سنگ میل عبور کیا ہے۔ اس سلسلے میں صوبائی وزیر صحت سندھ ڈاکٹر عذرا فضل پیچوہو نے بھی لیاری جنرل اسپتال کا دورہ کیا۔

بقیہ نمبر 19 — قوم کی آواز

فیصلہ محفوظ کر لیا۔ سماعت کے دوران وکیل صفائی میاں علی اشفاق ایڈووکیٹ نے مؤقف اختیار کیا کہ اقرار الحسن کو لاہور سے حراست میں لینے اور جسمانی ریمانڈ حاصل کرنے کے لیے قانونی طریقہ کار اختیار نہیں کیا گیا۔ این سی سی آئی اے کے پراسیکیوٹر اور تفتیشی افسر بھی عدالت میں پیش ہوئے۔ وکیل صفائی نے عدالت کو بتایا کہ اقرار الحسن کو 12 اکتوبر کی رات لاہور کے علاقے ڈی ایچ اے میں ان کے گھر پر چھاپہ مار کر حراست میں لیا گیا، جبکہ وہ لاہور کے مستقل رہائشی ہیں۔ ان کے مطابق مقدمے کی ایف آئی آر میں گرفتاری کا وقت درج نہیں کیا گیا اور اقرار الحسن کے خلاف کوئی شکایت کنندہ یا متاثرہ شخص بھی سامنے نہیں آیا۔ انہوں نے کہا کہ مقدمہ ایک ویڈیو کی بنیاد پر درج کیا گیا، جو اقرار الحسن کے سوشل میڈیا پیج سے اپ لوڈ ہوئی تھی۔ میاں علی اشفاق نے مؤقف اختیار کیا کہ ویڈیو شام 7 بج کر 46 منٹ پر اپ لوڈ ہوئی اور تقریباً دو گھنٹے بعد اس کی رپورٹ دی گئی، جس کے بعد ایک سورس رپورٹ کی بنیاد پر مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ان کے مطابق اقرار الحسن پر عوام کو ملک کے خلاف کھڑے ہونے پر اکسانے کا الزام عائد کیا گیا ہے، تاہم یہ الزام خود ساختہ ہے اور مقدمے میں کسی متاثرہ شخص کی نشاندہی نہیں کی گئی۔ وکیل صفائی نے کہا کہ اقرار الحسن نے گورنر راج کے معاملے پر اپنی رائے کا اظہار کیا تھا، جو ان کے بقول غیر قانونی نہیں۔ انہوں نے مؤقف اپنایا کہ ماضی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ سے متعلق عدالتی فیصلے موجود ہیں اور اس موضوع پر سیاسی رہنما، ذرائع ابلاغ اور سوشل میڈیا پر پہلے بھی اظہار خیال ہوتا رہا ہے۔ وکیل نے ویڈیو کا متن بھی عدالت میں پیش کیا اور کہا کہ محض اس رائے کی بنیاد پر فوجداری کارروائی کا جواز نہیں بنتا۔ وکیل صفائی نے اقرار الحسن کی گرفتاری کے طریقہ کار پر بھی سوالات اٹھائے۔ انہوں نے کہا کہ مقدمے کے مطابق تفتیشی افسر اقرار الحسن کو گرفتار کرنے لاہور گیا تھا، تاہم ان کے بقول وکیل، تفتیشی افسر وہاں گیا ہی نہیں۔ انہوں نے تفتیشی افسر کے موبائل فون کا ریکارڈ حاصل کرنے کی استدعا کرتے ہوئے کہا کہ اس سے گرفتاری کے بارے میں حقائق سامنے آ سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ دوسرے صوبے میں کارروائی کے لیے متعلقہ محکمہ داخلہ سے اجازت اور لاہور کی عدالت سے راہداری ریمانڈ حاصل کرنے کے معاملے کی وضاحت ضروری ہے۔ وکیل صفائی کے مطابق اقرار الحسن کے موبائل فون اور لیپ ٹاپ سمیت دیگر آلات پہلے ہی این سی سی آئی اے کی تحویل میں ہیں، اس لیے گواہوں کے بیانات ریکارڈ کرنے کے لیے جسمانی ریمانڈ ضروری نہیں تھا۔ انہوں نے عدالت سے استدعا کی کہ گرفتاری اور ریمانڈ کے طریقہ کار کا جائزہ لے کر اقرار الحسن کو مقدمے سے ڈسچارج کیا جائے۔ سماعت کے دوران عدالت نے اقرار الحسن کی اہلیہ فرح اقرار کو بھی روسٹرم پر طلب کیا۔ فرح اقرار نے عدالت کو گرفتاری کے وقت پیش آنے والی صورت حال سے آگاہ کیا۔ عدالت نے استفسار کیا کہ کیا گرفتاری کے وقت مقدمے کا تفتیشی افسر موقع پر موجود تھا؟ فرح اقرار نے جواب دیا کہ تفتیشی افسر موقع پر موجود نہیں تھا۔

بقیہ نمبر 20 — قوم کی آواز

میں ملاقات ہوئی۔ چین اور پاکستان کے وزرائے خزانہ کی ملاقات کے بعد جاری اعلامیے کے مطابق پاکستان کی معاشی استحکام کی جانب پیش رفت اور مشکل معاشی حالات میں چین کی دیرینہ حمایت پر اظہار تشکر کیا گیا اور چینی وزیر خزانہ نے پاکستان کی بہتر ہوتی معاشی صورت حال اور عالمی مالیاتی منڈیوں تک دوبارہ رسائی کا خیر مقدم کیا۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ پاکستان اور چین کے درمیان دوطرفہ مالیاتی تعاون مضبوط بنانے، بین الاقوامی سرمایہ منڈیوں تک رسائی بڑھانے اور علاقائی اقتصادی تعاون آگے بڑھانے پر گفتگو ہوئی، پاکستان کے پہلے پانڈا بانڈ کے کامیاب اجرا کا جائزہ لیا گیا، پانڈا بانڈ کے اجرا میں ضابطہ جاتی معاونت، اے آئی آئی بی کی جانب سے قرض کی ساکھ بہتر بنانے کے لیے معاونت اور 2.5 فیصد کی مسابقتی شرح منافع اور سرمایہ کاروں کی بھرپور دلچسپی شامل تھی۔ اس موقع پر پاکستان کی چینی سرمایہ

منڈی میں بار بار خودمختار بانڈ جاری کرنے والے ملک کی حیثیت سے مستقل موجودگی قائم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا اور 4 سال کے وقفے کے بعد پاکستان کی یورو بانڈ مارکیٹ میں واپسی اور منظور شدہ 7.2 ارب چینی یوآن کے پروگرام کے تحت مزید پانڈا بانڈز کے اجرا کے منصوبوں پر گفتگو ہوئی، پانڈا بانڈز کے مزید اجرا کے لیے اے آئی آئی بی کی مسلسل معاونت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق شنگھائی تعاون تنظیم کی پاکستان کی سربراہی، آئندہ سربراہی اجلاس کی تیاریوں اور اسلام آباد میں ایس سی او وزرائے خزانہ کے اجلاس کے انعقاد پر گفتگو ہوئی۔ چینی وزیر خزانہ لان فوان نے اسلام آباد میں ایس سی او وزرائے خزانہ کے اجلاس میں شرکت کی خواہش کا اظہار کیا اور ایس سی او ترقیاتی بینک کے مجوزہ قیام پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ چین کے وفد نے ایس سی او ترقیاتی بینک سے متعلق مشاورت میں پاکستان کی فعال شرکت اور اتفاق رائے پیدا کرنے میں تعاون کی درخواست کی اور ایس سی او ترقیاتی بینک کے قیام کو آگے بڑھانے کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ چین۔ پاکستان شاہراہ کے ایک منصوبے کے مجوزہ راستے میں تبدیلیوں کے حوالے سے اتفاق رائے پیدا کرنے کی جانب پیش رفت پر گفتگو ہوئی۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے ڈیجیٹل تبدیلی اور مصنوعی ذہانت سے متعلق مہارتوں کی تربیت کے فروغ کے لیے علی بابا کے ساتھ پاکستان کے تعاون کے چینی ہم منصب کو آگاہ کیا، تعاون کے طے شدہ فریم ورک پر عمل درآمد اور ڈیجیٹل تبدیلی و مصنوعی ذہانت کے شعبوں میں اشتراک کو مزید مضبوط بنانے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ نمبر 21 — قوم کی آواز

لاش اور زخمی کو طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ چھیپا حکام کے مطابق سہراب گوٹھ میں پیڈسٹریل برج کے قریب ٹرک کی چھت سے گر کر 32 سالہ نیاز جاں بحق ہو گیا۔ واقعے کے بعد اس کی لاش عباسی شہید اسپتال منتقل کر دی گئی۔ دوسری جانب سپر ہائی وے کے علاقے گل گوٹھ میں گھر کے اندر فائرنگ سے 45 سالہ مرتضیٰ زخمی ہو گیا، جسے طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 22 — قوم کی آواز

11 سالہ بچہ اذان جاں بحق ہو گیا۔ ایدھی حکام کے مطابق بچے کی لاش ابراہیم حیدری تھانے منتقل کی گئی، جہاں قانونی کارروائی کے بعد اسے ایدھی سرد خانے منتقل کر دیا گیا۔ متوفی کے والد کامران نے بتایا کہ اذان نے گھر کے باہر نصب بجلی کے پول کو چھوا تو اسے کرنٹ لگا، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ اذان تین بھائیوں اور دو بہنوں میں سب سے بڑا تھا۔ کامران نے علاقے میں غیر قانونی بجلی کے کنڈوں کی بھرمار پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگر ان کا خاتمہ نہ کیا گیا تو ایسے افسوسناک واقعات پیش آتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وہ قانونی کارروائی چاہتے تھے، تاہم وہ قانون کے عملی اثرات سے بخوبی واقف ہیں۔

بقیہ نمبر 23 — قوم کی آواز

نے مقتول کی بیوی کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والا شخص پیشے کے لحاظ سے بھکاری تھا۔ ابتدائی تحقیقات میں معلوم ہوا ہے کہ میاں بیوی کے درمیان مالی معاملات پر اکثر تلخ کلامی اور جھگڑے ہوتے تھے۔ پولیس حکام نے کہا کہ مقتول کے بچوں نے بیان دیا ہے کہ ان کی والدہ نے والد کو تشدد کا نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں ان کی موت واقع ہوئی۔ بچوں کے بیان اور دستیاب شواہد کی روشنی میں ملزمہ کو حراست میں لے لیا گیا ہے، جبکہ واقعے کی مزید تفتیش اور قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 24 — قوم کی آواز

حنیف گوہر اور دیگر عہدیداران کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں وائس چیئرمین خورشید عالم، چیئرمین سدرن ریجن معیظ زیدی، سابق چیئرمین آباد محمد حسن بخشی، سینئر وائس چیئرمین سید افضل حمید، وائس چیئرمین طارق عزیز، چیئرمین ایس آر احمد اویس تھانوی جبکہ ڈیولپنگ بزنس کلب محمد عمر شاہ، پیٹرن ان چیف فیاض الیاس اور ممبران کی بڑی تعداد موجود تھی۔ حنیف گوہر نے مزید کہا کہ بھتہ خوری، لینڈ مافیا اور کرپٹ سسٹم کے باعث شہریوں، اور تعمیراتی شعبے سے وابستہ بلڈرز اور ڈیولپرز کو مختلف مشکلات کا سامنا ہے، جن کے حل کے لیے مؤثر اقدام اٹھانا بہت ضروری ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلڈرز اور تاجروں کے کاروبار کو تحفظ فراہم کرنا اور انہیں بلا خوف کاروباری سرگرمیاں جاری رکھنے کے مواقع فراہم کرنا حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ذمے داری ہے۔ چیئرمین آباد نے بتایا کہ سپریم کورٹ کے حکم کے باوجود اب تک کسی بلڈر کا پلاٹ کمرشل نہیں ہو سکا، جو تشویشناک صورت حال ہے۔ انہوں نے کمرشلائزیشن سے متعلق عدالتی احکام پر عمل درآمد نہ ہونے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ متعلقہ اداروں کو اس معاملے پر فوری توجہ دینی چاہیے تا کہ قانونی تقاضوں کے مطابق مسائل حل کیے جا سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلڈرز اور ڈیولپرز کے جائز مسائل کے حل کے لیے آباد اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ اداروں میں رشوت کے بغیر کمرشلائزیشن کا عمل شروع کرانے کے لیے بھرپور اقدام کیے جائیں، تا کہ بلڈرز کو اپنے قانونی کاموں کی انجام دہی میں غیر ضروری رکاوٹوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ آباد نے کرپٹ سسٹم کے خلاف کبھی خاموشی اختیار نہیں کی اور ہمیشہ بلڈرز اور ڈیولپرز کے ساتھ ہونے والی ناانصافیوں کے خلاف آواز اٹھائی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کاروباری برادری کے مسائل اجاگر کرنا اور ان کے حل کے لیے متعلقہ حکام کی توجہ مبذول کرانا ان کی ترجیحات میں شامل ہے۔ علاوہ ازیں چیئرمین آباد محمد حنیف گوہر نے سانحہ پشاور دیر کالونی میں اسکول کی چھت گرنے سے 6 بچیوں، 20 بچوں اور 2 خواتین اساتذہ کے جاں بحق ہونے پر دلی دکھ اور افسوس کا اظہار اور زخمی بچوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا، اور متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار۔ چیئرمین آباد نے کہا کہ اسکولوں، اسپتالوں اور دفاتر کی عمارتوں کا اسٹرکچرل سیفٹی آڈٹ کرنا ضلع انتظامیہ کی ذمے داری ہے۔ بوسیدہ عمارتوں کی بروقت نشاندہی اور تکنیکی معائنہ نہ ہونا سنگین انتظامی غفلت ہے، ایسے دلخراش واقعات کی روک تھام کیلئے حکومتوں کو عملی اقدام کرنے ہوں گے۔

بقیہ نمبر 25 — قوم کی آواز

مقابلے میں 12.7 فیصد زیادہ ہیں۔ خرم شہزاد کے مطابق رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران ترسیلات زر میں 14 فیصد اضافہ ہوا اور مجموعی طور پر 10 ارب 90 کروڑ ڈالر موصول ہوئے۔ ان کے مطابق ستمبر میں سعودی عرب سے 89 کروڑ 90 لاکھ ڈالر، متحدہ عرب امارات سے 74 کروڑ 90 لاکھ ڈالر اور برطانیہ سے 51 کروڑ 50 لاکھ ڈالر کی ترسیلات زر پاکستان بھیجی گئیں۔ ترسیلات زر میں اضافے کو بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے رقوم کی آمد میں بہتری قرار دیا جا رہا ہے۔ حکومتی مؤقف کے مطابق یہ اضافہ معاشی اصلاحات اور بیرون ملک پاکستانیوں کے اعتماد کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ نمبر 26 — قوم کی آواز

صدارت سندھ ایمرجنسی ریسکیو سروس 1122 کی کارکردگی اور پیش رفت کا جائزہ اجلاس ہوا، جس میں ہنگامی امدادی نظام، نئے اسٹیشنز، آلات کی دیکھ بھال و جدت، افرادی قوت، تربیت، بنیادی ڈھانچے، مالیاتی امور اور زیر التوا منصوبوں پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں سیکریٹری بحالی رفیق مصطفیٰ شیخ، ڈائریکٹر جنرل ریسکیو 1122 بریگیڈیئر (ر) واجد صبغت اللہ مہر اور دیگر متعلقہ افسران شریک ہوئے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ریسکیو 1122 کے مرکز نگرانی و رابطہ میں روزانہ اوسطاً 24 ہزار 700 کالز موصول ہوتی ہیں، جبکہ سالانہ تعداد تقریباً 98 لاکھ ہے۔ امدادی ٹیمیں اوسطاً 8 سے 12 منٹ میں جائے حادثہ پر پہنچتی ہیں، تاہم رش کے اوقات میں یہ دورانیہ 20 سے 22 منٹ تک ہو جاتا ہے۔ ریسکیو موٹر سائیکلیں 4 سے 5 منٹ میں جائے حادثہ پر پہنچتی ہیں۔ بریفنگ کے مطابق ادارے کے قیام سے اب تک 13 لاکھ 30 ہزار سے زائد طبی ہنگامی خدمات فراہم کی جا چکی ہیں۔ شاہراہوں پر حادثات کے 1,822، پانی میں ڈوبنے کے 740، آتش زدگی کے 5,264 اور عمارتیں منہدم ہونے کے 169 واقعات میں امدادی کارروائیاں کی گئیں، جبکہ 5,238 انسانی جانیں بچائی گئیں۔ سیلاب 2025 کے دوران 1,529 افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کے علاوہ 750 مویشیوں کو بھی بچایا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ریسکیو 1122 کے پاس 149 گاڑیاں اور 1,723 اہلکار موجود ہیں، جبکہ صوبے میں 15 شاہراہوں کے امدادی اسٹیشنز اور 15 ذیلی اسٹیشنز قائم ہیں۔ ٹھٹھہ، سانگھڑ اور نوشہرو فیروز میں نئے ضلعی اسٹیشنز تیار ہیں اور رواں سال ان میں امدادی کارروائیاں شروع کر دی جائیں گی، جبکہ خیرپور اور روہڑی میں تعمیراتی کام جاری ہے۔ ریبیز سے متعلق ہنگامی خدمات کے حوالے سے بتایا گیا کہ 21 اپریل سے 14 اکتوبر 2026 تک 136 کالز موصول ہوئیں، 86 افراد کو کتے کے کاٹنے کے بعد ویکسین کے لیے ریفر کیا گیا، 62 ایمبولینسیں روانہ کی گئیں، جبکہ 65 افراد کو ویکسین لگائی گئی۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ جولائی سے ستمبر 2026 کے دوران ریسکیو 1122 نے 1,220 واقعات میں کارروائیاں کیں، جبکہ گزشتہ سال اسی عرصے میں 961 واقعات رپورٹ ہوئے تھے۔ مئی 2023 سے ستمبر 2026 تک 1,290 تربیتی سرگرمیاں منعقد کی گئیں، جن میں 69 ہزار 808 افراد نے حصہ لیا۔ جنوری سے ستمبر 2026 کے دوران 1,972 مقامات پر آگ سے بچاؤ کے حفاظتی

معائنے بھی کیے گئے۔ اجلاس میں ملازمین کی تنخواہوں، اخراجات کی رپورٹ اور مالی سال 27-2026 کے سالانہ خریداری منصوبے سمیت انتظامی، تعمیراتی اور مالیاتی امور کا بھی جائزہ لیا گیا۔ گیانچند ایسرانی نے کہا کہ عوام کو بروقت اور مؤثر ہنگامی امداد فراہم کرنا سندھ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ریسکیو 1122 کی استعداد بڑھانے اور ہنگامی امدادی نظام کو مزید مضبوط بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 27 — قوم کی آواز

بین الاقوامی وفود سمیت 15 ہزار سے زائد افراد کی شرکت متوقع ہے۔ اس سلسلے میں سیکریٹری کھیل و امور نوجوانان سندھ منور علی مہیسر کی زیر صدارت اقوام متحدہ پاکستان کے وفد کے ساتھ اجلاس ہوا، جس میں تقریب کے انتظامات اور مختلف اداروں کے درمیان رابطہ کاری پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں اقوام متحدہ کے عہدیدار گولڈن مولیلو، ڈائریکٹر کھیل اسد اسحاق، ڈائریکٹر یوتھ حبیب اللہ اور رینجرز، پولیس، ٹریفک پولیس، بلدیات، کالج سمیت دیگر متعلقہ اداروں کے افسران نے شرکت کی۔ منور علی مہیسر نے کہا کہ یوم اقوام متحدہ کی مرکزی تقریب کی میزبانی سندھ حکومت کے لیے اعزاز ہے اور یہ تقریب عوام کے لیے کھلی ہوگی۔ اس موقع پر کھیلوں کی سرگرمیوں، معلوماتی و تفریحی اسٹالز، کھانے پینے کے اسٹالز اور موسیقی کے پروگرام سمیت مختلف سرگرمیوں کا اہتمام کیا جائے گا۔ اقوام متحدہ کے وفد کے مطابق اس سے قبل یوم اقوام متحدہ لاہور اور اسلام آباد میں منایا گیا تھا، جہاں بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ رواں سال یہ دن صوبائی سطح پر منانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جس کے لیے سندھ میں کراچی کا انتخاب کیا گیا ہے۔ ترجمان کے مطابق تقریب کے انتظامات محکمہ کھیل و امور نوجوانان، محکمہ ثقافت، بلدیات، پولیس، رینجرز، ریسکیو 1122 اور دیگر متعلقہ اداروں کے اشتراک سے مکمل کیے جائیں گے۔ تقریب کا مقصد اقوام متحدہ کے کردار، عالمی تعاون، امن اور ترقی کے پیغام کو اجاگر کرنے کے ساتھ نو جوانوں اور عوام کو مثبت سرگرمیوں میں شرکت کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ تقریب میں سندھ کے اعلیٰ سطح کے سیاسی رہنماؤں اور دیگر اہم شخصیات کی شرکت بھی متوقع ہے۔

بقیہ نمبر 28 — قوم کی آواز

ضروریات کے مطابق انتظامی نظام کا سنجیدہ جائزہ لیا جائے۔ فیضان راوت نے کہا کہ 9 اکتوبر 2026 کو ورلڈ اکنامک فورم کی ویب سائٹ پر "AboutRevealPakistanWhat GrowingFastforReformAdministrative Populations" کے عنوان سے شائع ہونے والے مضمون میں پاکستان کے انتظامی ڈھانچے، آبادی میں اضافے، اختیارات کی منتقلی اور حکومتی خدمات کو عوام کے قریب لانے کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ یہ مضمون میرو سلاف زافیروف نے تحریر کیا ہے، جو انور گرگاش ڈپلومیٹک اکیڈمی کے ڈائریکٹر جنرل کے مشیر اور اٹلانٹک کونسل کے نان ریزیڈنٹ سینئر فیلو ہیں۔ فیضان راوت نے کہا کہ پاکستان میں نئے صوبوں اور انتظامی اصلاحات پر بحث اب محض داخلی سیاسی موضوع نہیں رہی بلکہ اس مسئلے کو عالمی سطح پر بھی تجزیے اور مکالمے کا حصہ بنایا جا رہا ہے، یہ وقت کا تقاضا ہے کہ پاکستان میں بھی اس معاملے کو سیاسی نعروں اور اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی ضرورت، بہتر حکمرانی اور عوامی مفاد کے تناظر میں دیکھا جائے، مضمون میں پاکستان کیلیے مختلف انتظامی ماڈلز کا ذکر کیا گیا ہے، جن میں 16 انتظامی یونٹس، 23 سے 25 یونٹس اور موجودہ ڈویژنوں کی بنیاد پر مزید انتظامی یونٹس تشکیل دینے کے امکانات شامل ہیں تاہم یہ تجاویز مختلف ممکنہ ماڈلز کی وضاحت کرتی ہیں، کسی ایک حتمی نقشے یا صوبوں کی مخصوص تعداد کی سفارش نہیں کرتیں۔ فیضان راوت نے کہا کہ پاکستان کو بھی اس موضوع پر سنجیدہ قومی مکالمے کے ذریعے ایسے قابل عمل حل تلاش کرنے چاہئیں جو ملک کے آئینی تقاضوں، جغرافیائی حقائق، معاشی صلاحیت اور عوامی ضروریات سے مطابقت رکھتے ہوں۔ پاکستان کی بڑھتی ہوئی آبادی کے ساتھ تعلیم، صحت، صاف پانی، نکاسی آب، ٹرانسپورٹ، روزگار اور دیگر بنیادی سہولتوں کی فراہمی بڑے چیلنجز بنتی جا رہی ہے، ایسے حالات میں ضروری ہے کہ انتظامی فیصلے عوام کی ضروریات کے مطابق کیے جائیں اور حکومتی اداروں کی کارکردگی کو بہتر بنانے کیلیے اختیارات اور وسائل کو متعلقہ علاقوں اور مقامی سطح تک مؤثر انداز میں منتقل کیا جائے۔

بقیہ نمبر 29 — قوم کی آواز

قومی ورثہ و ثقافت ڈویژن، حکومت پاکستان کراچی کے زیر اہتمام قائد ملت لیاقت علی خان کے 75 ویں یوم شہادت کے حوالے سے منعقد ہونے والے چار روزہ پروگرام کے سلسلے کا دوسرا پروگرام مزار قائد کے آڈیو ویژول ہال میں پاکستان کوئز سوسائٹی انٹرنیشنل (رجسٹرڈ) کے اشتراک سے بین الکلیاتی اور بین الجامعاتی لیاقت علی خان کوئز مقابلہ کا انعقاد ہوا جس کے مہمان خصوصی پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان سرفراز احمد تھے اور نظامت کار عاصم خان نیازی تھے کوئز مقابلہ سے ابتدائی کلمات ادا کرتے ہوئے ریزیڈنٹ انجینئر قائد اعظم مزار مینجمنٹ بورڈ عبدالعلیم شیخ نے کہا کہ قائد ملت لیاقت علی خان شہید نے اپنی زندگی قوم کے لیے وقف کر دی انہیں جتنا خراج عقیدت پیش کیا جائے کم ہوگا ان کا کہنا تھا کہ لیاقت علی خان کی شہادت نے نوزائیدہ مملکت پاکستان کو ایسے رہنما سے محروم کر دیا جس کی ضرورت آج بھی محسوس ہوتی ہے ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ بین الکلیاتی اور بین الجامعاتی کوئز مقابلہ ایسا علمی مقابلہ ہے جو محض ایک مقابلہ نہیں بلکہ ہماری تاریخ، ہماری شناخت اور ہمارے عظیم رہنماؤں سے جڑنے کا ایک ذریعہ ہے انچارج و روح رواں قائد اعظم اکادمی زاہد حسین ابڑو نے اغراض و مقاصد بیان کیے اور کہا کہ اس پروگرام کے مقاصد میں اہم مقصد نئی نسل کو بالخصوص طلبہ و طالبات کو قائد ملت کی شخصیت، خدمات اور قربانی سے روشناس کرانا ہے۔ کپتان سرفراز احمد نے کہا کہ اس طرح کے پروگرام ہوتے رہنے چاہیے اس طرح کے کوئز مقابلے لیاقت علی خان سمیت دیگر قومی ہیروز کی کمی کو پورا کرنے کا بھی ایک ذریعہ ہیں کوئز مقابلہ کے کوئز ماسٹر محمد عارف سومرو اور سائرہ سلمان تھی جبکہ ججز میں پروفیسر سید ایاز رضا ترمذی، سید واجد رضا اصفہانی اور مہ جبیں زاہد تھی مقابلے میں طالبہ سیدہ رمشا خرم اور ایمن فاطمہ پر مشتمل ٹیم نے پہلی پوزیشن حاصل کی اور لائبہ عبدالرشید اور شفق ناز کی ٹیم نے دوسری پوزیشن لی جبکہ تیسری پوزیشن طالبہ ریحا سحر نے حاصل کی آخر میں چیئرمین پاکستان کوئز سوسائٹی انٹرنیشنل جاوید رضا نے اظہار تشکر کرتے ہوئے معزز مہمانوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اسی طرح قائد اعظم اکادمی، قائد اعظم مزار مینجمنٹ بورڈ کی جانب سے معزز مہمانوں کو اجرک کے تحفے اور شیلڈ پیش کی گئیں اور کوئز مقابلے کی کامیاب طالبات کو بھی شیلڈ اور انعام دیے گئے، مقابلے میں حصہ لینے والے طلبہ و طالبات کو سرٹیفکیٹ بھی دیے گئے۔

بقیہ نمبر 30 — قوم کی آواز

ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے ہیں۔ عدالت نے مارکیٹ پولیس کو تمام نامزد ملزمان کو گرفتار کر کے آئندہ سماعت پر پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔ مقدمے کے مطابق گزشتہ سال 17 سالہ حسنین عامر ڈینگی بخار میں مبتلا ہونے کے بعد سول اسپتال حیدرآباد میں زیر علاج تھا، جہاں اس کا انتقال ہو گیا۔ نوجوان کے والد عامر لطف نے ڈاکٹروں اور اسپتال انتظامیہ پر علاج میں غفلت برتنے کا الزام عائد کرتے ہوئے مقدمے کے اندراج کے لیے عدالت سے رجوع کیا تھا۔ عدالت کے حکم پر پروفیسر ڈاکٹر محمد اقبال، ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد اسلم، اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر ماریہ نذیر، رجسٹرار ڈاکٹر مسرت جہاں بلوچ سمیت 27 ڈاکٹروں اور انتظامی ذمہ داروں کے خلاف مارکیٹ تھانے میں تعزیرات پاکستان کی دفعات 302، 147 اور 322 کے تحت مقدمہ نمبر 316/2025 درج کیا گیا تھا۔ مقدمے کی سماعت کے دوران نامزد ڈاکٹر عدالت میں پیش نہیں ہو رہے تھے، جس پر عدالت نے 14 اکتوبر کو ان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کیے۔ عدالت نے ایس ایچ او مارکیٹ تھانے کو ہدایت کی ہے کہ تمام نامزد ملزمان کو گرفتار کر کے 27 اکتوبر 2026 کو عدالت میں پیش کیا جائے۔

بقیہ نمبر 31 — قوم کی آواز

گا۔ وہ آل پاکستان انجمن تاجران کے صدر محمد اجمل بلوچ کی قیادت میں مختلف شعبوں کے تاجر رہنماؤں کے وفد سے خطاب کر رہے تھے، جس نے چیمبر کی نو منتخب قیادت کو مبارکباد دی۔ محمد ذکریا اکبر ضیاء نے کہا کہ تاجروں اور صنعتکاروں کے درمیان اتحاد مسائل کے حل کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے بجلی کی قلت، بھاری بلوں اور پیداواری سرگرمیوں میں رکاوٹوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ قانون پر عمل درآمد ضروری ہے، تاہم تاجروں کی عزت نفس کا خیال رکھا جائے اور انتظامی معاملات تذلیل کے بجائے مذاکرات، مشاورت اور قانونی طریقہ کار کے ذریعے حل کیے جائیں۔ انہوں نے تجارتی مراکز کو سیل کرنے کے معاملے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مارکیٹ ایسوسی ایشنز پر زور دیا کہ وہ متحدہ حکمت عملی اپنائیں۔ صدر آل پاکستان انجمن تاجران محمد اجمل بلوچ نے اسلام آباد میں بار بار نئے تجربات کیے جانے پر حیرت اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسے اقدامات سے کاروباری سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تاجروں کے حقوق اور مفادات کے تحفظ کے لیے آئی سی سی آئی قیادت کی مشاورت سے آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ سینئر نائب صدر آئی سی سی آئی محمد اشفاق چٹھہ نے وفد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے یقین دلایا کہ چیمبر کاروباری برادری کے مسائل متعلقہ حکام کے سامنے اٹھائے گا اور کاروبار میں آسانی کے لیے مؤثر اقدامات کرے گا۔ نائب صدر محمد وقاص خان نے تاجر برادری کے حقوق کے لیے محمد اجمل بلوچ کی خدمات، جرات اور قیادت کو خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر آئی سی سی آئی کے ایگزیکٹو ممبر شاہد عباسی نے نظامت کے فرائض انجام دیے۔

بقیہ نمبر 32 — قوم کی آواز

دارانہ تحقیقات کا حکم دیتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ چھاپے سے متعلق تمام پہلوؤں کا جائزہ لے کر حقائق پر مبنی جامع رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ چادر اور چار دیواری کے تقدس کا خیال رکھا جانا چاہیے اور کسی بھی شہری کے ساتھ ناانصافی برداشت نہیں کی جا سکتی۔ معاملات کو قانون اور انصاف کے تقاضوں کے مطابق حل کیا جائے اور ذاتی رنجشوں کو سیاست میں گھسیٹنے سے گریز کیا جائے۔ فریال تالپور نے مزید کہا کہ قانون کی بالادستی اور شہریوں کے احترام پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے۔ واقعے کے تمام حقائق سامنے لائے جائیں تا کہ کسی کے ساتھ ناانصافی نہ ہو۔

بقیہ نمبر 33 — قوم کی آواز

ہے۔ پولیس مختلف پہلوؤں کا جائزہ لینے کے ساتھ متوفی شاہ زیب کے قریبی دوستوں کے بیانات بھی ریکارڈ کرے گی۔ پولیس ذرائع کے مطابق تفتیشی ٹیم میں ڈی ایس پی بن قاسم، ڈی ایس پی ملیر سٹی، انچارج آئی ٹی اور دو تھانوں کے ایس ایچ اوز شامل ہوں گے۔ پولیس شاہ زیب کے ان قریبی دوستوں سے بھی پوچھ گچھ کرے گی جنہوں نے حال ہی میں اس سے رابطہ ختم کر لیا تھا، تا کہ اس کی وجہ معلوم کی جا سکے۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ شاہ زیب بائیں ہاتھ سے لکھتا تھا۔ تفتیشی ٹیم اس بات کا بھی پتا لگائے گی کہ اس نے گھر کب اور کس سے خریدا تھا۔ جائے وقوعہ کی پولیس کی جانب سے بنائی گئی ویڈیو کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق واقعے سے متعلق موبائل فونز اور پستول فرانزک معائنے کے لیے بھیجے جائیں گے۔ ابتدائی طبی رپورٹ موصول ہونے کے بعد حاصل کیے گئے نمونے کیمیائی تجزیے کے لیے بھجوائے جانے کا امکان ہے۔ دوسری جانب پولیس سرجن ڈاکٹر سمیعہ کے مطابق پوسٹ مارٹم کے دوران شاہ زیب اور صبا کی موت سر میں گولی لگنے سے ہونے کی تصدیق ہوئی۔ دونوں کے جسموں سے گولی چلنے کے اثرات، کیمیائی تجزیے اور ڈی این اے کے نمونے بھی حاصل کیے گئے ہیں۔ واقعے میں جاں بحق ہونے والے پانچوں افراد کی میتیں ایدھی سرد خانے سے ان کے چچا زاد بھائی علی نے وصول کر لیں۔ علی کے مطابق شاہ زیب کی شادی تقریباً پانچ سے چھ سال قبل ہوئی تھی اور وہ کئی برس سے اپنے خاندان سے الگ تھا۔ کزن نے بتایا کہ شاہ زیب نے حال ہی میں اپنا ایک گھر فروخت کیا تھا اور وہ دوسرے گھر میں منتقل ہونے والا تھا، جس کی مالیت ان کے مطابق تقریباً ڈھائی کروڑ روپے تھی۔ علی کا کہنا تھا کہ انہیں معلوم نہیں کہ شاہ زیب نے یہ انتہائی قدم کیوں اٹھایا، تاہم واقعے کے حوالے سے قانونی کارروائی کی جائے گی۔ پولیس حکام کے مطابق واقعے کی حتمی وجوہ جاننے کے لیے شواہد اور فرانزک رپورٹس کا انتظار ہے۔

بقیہ نمبر 34 — قوم کی آواز

دوران چار مبینہ ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے۔ ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، گولیاں، موبائل فونز، چھینا گیا پرس، نقدی اور موٹر سائیکل برآمد کر لی گئی۔ زخمی ملزمان کو طبی امداد کے لیے سول اسپتال منتقل کر دیا گیا، جبکہ پولیس نے واقعات کی مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔ پولیس کے مطابق بلدیہ ٹاؤن کے علاقے سعید آباد بس ٹرمینل کے قریب مشرف کٹ پر شاہین فورس اور مبینہ ڈاکوؤں کے درمیان مقابلہ ہوا، جس کے نتیجے میں فائرنگ سے دو ملزمان زخمی ہو گئے، جبکہ تیسرے ملزم کو شہریوں نے پکڑ کر تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد پولیس کے حوالے کر دیا۔ زخمی ملزمان کی شناخت 18 سالہ صبور اور 30 سالہ اکرم کے نام سے ہوئی، جبکہ شہریوں کے تشدد سے زخمی ہونے والے ملزم کی شناخت 24 سالہ محمد آصف کے نام سے کی گئی۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، گولیاں، موبائل فونز، چھینا گیا پرس، نقدی اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی۔ زخمیوں کو طبی امداد کے لیے سول اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ دوسری جانب سرجانی ٹاؤن پولیس نے ناردرن بائی پاس پر جھونپڑا ہوٹل کے قریب مبینہ مقابلے کے بعد ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کی شناخت عمران عرف کامران کے نام سے ہوئی، جسے طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ اس کے قبضے سے بھی اسلحہ اور دیگر سامان برآمد ہوا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق گرفتار ملزمان کا سابقہ مجرمانہ ریکارڈ چیک کیا جا رہا ہے، جبکہ دونوں واقعات کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 35 — قوم کی آواز

تقریباً 70 لاکھ روپے ہے۔ واردات کی اطلاع پولیس کو دے دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق واردات گلشن حدید فیز ون میں پیش آئی، جہاں ملزمان رات کی تاریکی میں دکان کے تالے توڑ کر اندر داخل ہوئے اور قیمتی موبائل فون سمیت فرار ہو گئے۔ سی سی ٹی وی فوٹیج میں تین ملزمان کو دکان سے موبائل فون اٹھاتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ ان میں سے دو نے چہروں پر ماسک پہن رکھے تھے، جبکہ تیسرے ملزم کا چہرہ واضح دکھائی دے رہا ہے۔ دکاندار نے بتایا کہ واردات میں تقریباً 70 لاکھ روپے مالیت کے موبائل فون چوری ہوئے، جس سے اسے بھاری مالی نقصان پہنچا ہے۔ واقعے کے بعد پولیس کو مطلع کر دیا گیا ہے، تاہم ملزمان کی گرفتاری یا چوری شدہ سامان کی برآمدگی سے متعلق تفصیلات سامنے نہیں آ سکیں۔ دوسری جانب کراچی موبائل اینڈ الیکٹرانکس ڈیلرز ایسوسی ایشن (کمیڈا) کے صدر محمد منہاج گلفام نے موبائل شاپ میں واردات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ تاجروں اور دکانداروں کے ساتھ ڈکیتی اور چوری کے واقعات تشویشناک ہیں۔ ان کے مطابق گلشن حدید میں تاجر کی جمع پونجی لٹ جانے سے تاجر برادری میں تشویش پائی جاتی ہے۔ محمد منہاج گلفام نے آئی جی سندھ سمیت اعلیٰ پولیس حکام سے مطالبہ کیا کہ واردات کا فوری نوٹس لیا جائے، ملزمان کو گرفتار کر کے چوری شدہ موبائل فون برآمد کیے جائیں اور تاجروں کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 36 — قوم کی آواز

ہونے والی مختلف فضائی کمپنیوں کی 8 پروازیں منسوخ کر دی گئیں، جس کے باعث مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ تفصیلات کے مطابق منسوخ ہونے والی پروازوں میں کراچی سے بیجنگ جانے والی ایئر چائنا کی پرواز سی اے 964، دبئی جانے والی ایئر بلیو کی پرواز پی اے 110 اور اسلام آباد جانے والی فلائی جناح کی پروازیں 9 پی 678، 9 پی 674 اور 9 پی 680 شامل ہیں۔ اس کے علاوہ کراچی سے ملتان جانے والی فلائی جناح کی پرواز 9 پی 870، اسلام آباد جانے والی ایئر سیال کی پرواز پی ایف 125 اور ریاض جانے والی سعودی ایئرلائن کی پرواز ایس وی 709 بھی منسوخ ہونے والی پروازوں میں شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 37 — قوم کی آواز

حل متعارف کرانے کیلیے پرعزم ہیں جو پاکستان کو چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کیلیے مستحکم بنانے میں مدد دیں۔

بقیہ نمبر 38 — قوم کی آواز

پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے بہتری لانے کے اقدامات قابل تحسین ہیں۔ ملت ایکسپریس کا روٹ کراچی سے لالہ موسیٰ تک ہے، جبکہ اس سروس کا آغاز سید جمیل اینڈ کمپنی اور لاسانی کارگو کے اشتراک سے ممکن ہوا ہے۔ گورنر سندھ نے کہا کہ وہ وزیراعظم پاکستان اور وزیر ریلوے کو ریلوے کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے جاری اقدامات پر مبارکباد دیتے ہیں۔ ریلوے مختلف شعبوں اور علاقوں کو آپس میں جوڑنے کا اہم ذریعہ ہے، اس لیے اس ادارے کی ترقی اور بہتری ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے کی املاک، بنچز اور دیگر سامان کی حفاظت کرنا بھی شہریوں کی ذمہ داری ہے۔ اداروں کو بہتر بنانے کے لیے سرکاری و نجی شعبے کے درمیان تعاون کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ گورنر سندھ نے بتایا کہ لاسانی کارگو کے ساتھ معاہدے کے ذریعے ریلوے کی آمدن میں اضافے اور مالی وسائل کو بہتر بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حاصل ہونے والی آمدن ریلوے کی دیکھ بھال اور مرمت پر بھی خرچ کی جا سکے گی، جبکہ وزیر ریلوے کی ترجیح ریلوے ٹریک کو بہتر بنانا ہے۔ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا کہ کراچی سے روہڑی تک رواں سال نئی پٹریاں بچھانے کا کام جاری ہے اور ریلوے حادثات کی شرح کم کرنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ریلوے حادثات ہمیشہ افسوسناک ہوتے ہیں اور ایسے واقعات میں غفلت یا کوتاہی کے پہلوؤں کا جائزہ لینا ضروری ہے۔ تمام متعلقہ افراد کو اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کرنی چاہئیں۔ ایک سوال کے جواب میں گورنر سندھ نے کہا کہ گورنر راج آئین کے تحت ایک انتظامی و آئینی معاملہ ہے، تاہم کسی ایک فرد کی خاطر پورے صوبے کو داؤ پر نہیں لگایا جا سکتا۔ سیاست ضرور کریں لیکن انتشار سے گریز کیا جائے اور آئین سے ہٹ کر کوئی اقدام نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ عوام اپنے منتخب نمائندوں کو صوبے کی ترقی اور اپنے مسائل کے حل کے لیے ووٹ دیتے ہیں۔ حکمرانوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کے حالات بہتر بنائیں، نہ کہ ایسے اقدامات کریں جن سے لوگوں کی زندگی اجیرن ہو۔ گورنر سندھ نے کہا کہ ریاست ایسی صورتحال میں

خاموش تماشائی نہیں بن سکتی جہاں امن و امان اور عوامی مفادات کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہو۔ وزیراعلیٰ سمیت تمام ذمہ داران کو اپنے منصب کے تقاضوں کا خیال رکھنا چاہیے۔ عمارتوں اور املاک کو نقصان پہنچانا، انتشار اور تخریب کاری کے رویے کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پشاور میں پیش آنے والے افسوسناک واقعے سمیت ہر حادثے اور بحران سے سبق سیکھنے کی ضرورت ہے۔ عوام نے اپنے نمائندوں کو صوبے کی ترقی، بہتر حکمرانی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے منتخب کیا ہے، لہٰذا انہیں اپنی ذمہ داریاں پوری کرنی چاہئیں۔

بقیہ نمبر 39 — قوم کی آواز

کاروباری برادری نے اس بات پر زور دیا کہ ایس ایم ای سیکٹر ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کرتا ہے، کیونکہ یہ روزگار کے مواقع پیدا کرنے، مقامی صنعتوں کو فروغ دینے اور کاروباری سرگرمیوں کو وسعت دینے میں معاون ہے۔ اس شعبے کی ترقی کے لیے ضروری ہے کہ کاروباری افراد کو مناسب سہولیات فراہم کی جائیں، ان کے مسائل حل کیے جائیں اور کاروبار کے فروغ کے لیے سازگار ماحول پیدا کیا جائے۔ تصویر میں موجود اردو متن کو پڑھنے کی کوشش کی ہے، لیکن کئی الفاظ دھندلے ہیں۔ جو عبارت واضح طور پر سمجھ آ رہی ہے، وہ درج ذیل ہے: کراچی میں میرا آفس کراچی میں ہے، میرا تعلق بھی کراچی سے ہے۔ کاروبار کے لیے پاکستان بھر میں ہی نہیں بلکہ پوری دنیا میں جاتا ہوں۔ اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہے کہ میں کراچی کا باشعور شہری نہیں ہوں۔ میرا سب کچھ کراچی سے وابستہ ہے۔

بقیہ نمبر 40 — قوم کی آواز

میں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ پاکستان۔ کینیا بزنس کونسل کے صدر اور رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان (ریپ) کے سابق چیئرمین رفیق سلیمان نے یونس ڈھاگا کی شخصیت، خدمات اور کاروباری شعبے کے لیے ان کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ایک انتہائی قابل احترام شخصیت اور وژن رکھنے والے رہنما ہیں، جنہوں نے کاروباری برادری کی بہتری اور تجارت کے فروغ کے لیے قابل قدر خدمات انجام دی ہیں۔ رفیق سلیمان کے مطابق یونس ڈھاگا کے ساتھ ان کے دیرینہ دوستانہ تعلقات بھی ہیں اور وہ انہیں ایک ایسے رہنما کے طور پر دیکھتے ہیں جو کاروباری ترقی کو آگے بڑھانے، تجارتی مواقع پیدا کرنے اور بین الاقوامی سطح پر پاکستان کے اقتصادی روابط مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔ ان کی قیادت اور تجربہ کاروباری شعبے کے لیے اہمیت کا حامل ہے، خصوصاً ایسے وقت میں جب پاکستان کو عالمی منڈیوں میں اپنی موجودگی مزید مستحکم کرنے اور برآمدات میں اضافے کے لیے نئے مواقع تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے یونس ڈھاگا کے دور؟ پاکستان ہائی کمیشن کینیا کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ دورہ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی اور کاروباری تعلقات کو نئی جہت دینے میں معاون ثابت ہوگا۔ ان کے مطابق پاکستان اور کینیا کے درمیان باہمی تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں، جن سے فائدہ اٹھانے کے لیے دونوں ممالک کے کاروباری حلقوں، متعلقہ اداروں اور تجارتی نمائندوں کے درمیان روابط کو مزید مضبوط بنانا ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 41 — قوم کی آواز

تک کے 300 بچوں کو تین ہفتوں پر مشتمل پروگرام میں تربیت فراہم کی جائے گی، جس میں اردو زبان میں براہ راست آن لائن کلاسز شامل ہوں گی۔ شرکت کرنے والے خاندانوں کے لیے 17 اکتوبر کو اسلام آباد میں بالمشافہ تعارفی نشست بھی منعقد کی جائے گی۔ کلاسز کا آغاز 19 اکتوبر سے ہوگا اور یہ پروگرام 9 نومبر 2026 کو اختتام پذیر ہوگا۔ وفاقی وزیر مملکت برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، محترمہ وجیہہ قمر نے کہا: "بچے انٹرنیٹ سے اس وقت واقف ہو جاتے ہیں جب وہ اس کے بارے میں باقاعدہ سیکھنا شروع بھی نہیں کرتے۔ ڈیجیٹل سفر جیسے پروگرام بچوں کو آن لائن محفوظ رہنے اور مصنوعی ذہانت کو شارٹ کٹ کے بجائے سیکھنے کے ایک مؤثر ذریعے کے طور پر استعمال کرنے کی تربیت دیتے ہیں۔ ایک نجی پلیٹ فارم، مقامی ٹیکنالوجی کمپنی اور عالمی ٹیکنالوجی ادارے کے بچوں کے لیے مل کر کام کرنا حوصلہ افزا ہے۔ امید ہے کہ یہ ماڈل مزید اسکولوں اور خاندانوں تک پہنچے گا۔" پاکستان میں ان ڈرائیو کے کنٹری لیڈ اویس سعید نے کہا: "ہمارے ڈرائیورز اپنے بچوں کے بہتر مستقبل کی تعمیر کے لیے سخت محنت کرتے ہیں۔"

بقیہ نمبر 42 — قوم کی آواز

کی نگرانی اور نتائج جانچنے کے لیے ڈیجیٹل نظام وضع کرنے پر زور دیا گیا، منصوبوں کی بہتر تیاری کے لیے پراجیکٹ ریڈینس سہولیات اور قابل پیش گوئی مالی معاونت اہم ہے۔ احد چیمہ نے کہا کہ رعایتی مالی وسائل مؤثر طور پر بروئے کار لا کر قرضوں کا پائیدار انتظام برقرار رکھا جائے۔ ملاقات میں انسانی ترقی، موسمیاتی مضبوطی، پانی و صفائی اور معاشی تبدیلی کے شعبوں میں تعاون پر گفتگو ہوئی۔ احد چیمہ نے کہا کہ روزگار کے مواقع پیدا کرنے والے شعبوں میں سرمایہ کاری جامع ترقی کے لیے اہم ہے۔ ایم ایل-1 ریلوے اپ گریڈیشن منصوبے کے لیے ورلڈ بینک کی مزید معاونت پر تبادلہ خیال کیا گیا، تقریباً 1,800 کلومیٹر ریلوے لائن کے ساتھ اقتصادی راہداری قائم کرنے کے وژن پر گفتگو ہوئی ساتھ ہی پاکستان کے معدنیات کے شعبے کو آگے بڑھانے کے لیے مجوزہ منرلز کمپیکٹ بھی زیر بحث آیا۔ انا بیرڈے نے کہا کہ ورلڈ بینک پاکستان کے ترجیحی شعبوں میں معاونت اور منصوبوں پر عمل درآمد تیز کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ پاکستان اور ورلڈ بینک گروپ نے مشترکہ ترجیحات پر تعاون مزید گہرا کرنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ نمبر 43 — قوم کی آواز

قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں طٰہٰ احمد خان نے کہا کہ معصوم بچوں کی ناگہانی اموات پوری قوم کے لیے بڑا سانحہ ہیں۔ وہ جاں بحق افراد کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور زخمی بچوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں بچوں کی حفاظت ہر صورت یقینی بنائی جائے تا کہ ایسے افسوسناک واقعات سے بچا جا سکے۔

بقیہ نمبر 44 — قوم کی آواز

ہے۔ تازہ تحقیق کے مطابق ملک میں 1990ء میں گاڑیوں کی تعداد 44 لاکھ 70 ہزار تھی، جو 2025ء تک بڑھ کر 3 کروڑ 90 لاکھ سے تجاوز کر گئی۔ اسی عرصے میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کا اخراج بھی بڑھا۔ 1990ء میں یہ اخراج ایک کروڑ 38 لاکھ ٹن تھا، جو 2023ء میں بڑھ کر 4 کروڑ 36 لاکھ ٹن ہو گیا۔ تحقیق کے مطابق کراچی میں فضائی آلودگی میں ٹرانسپورٹ کا حصہ 33 فیصد ہے، جبکہ اسلام آباد اور راولپنڈی میں یہ شرح 53 فیصد اور پشاور میں 51 فیصد بتائی گئی ہے۔ لاہور میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کے اخراج میں ٹرانسپورٹ کا حصہ 81.3 فیصد ہے۔ تحقیق میں یہ بھی اندازہ ظاہر کیا گیا ہے کہ فضائی آلودگی کے باعث پاکستان میں متوقع اوسط عمر میں تقریباً سات سال تک کمی ہو سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 45 — قوم کی آواز

منسلک ہے۔ اس اقدام کا مقصد پاکستان بھر میں معذور افراد (PWDs) کے لیے جامع اور مساوی روزگار کے مواقع متعارف کرانا ہے۔ اس تقریب میں کراچی اور قریبی شہروں سے تعلق رکھنے والے تقریباً 2,000 معذور افراد نے شرکت کی، جبکہ مالیاتی، ٹیلی کمیونیکیشن اور ٹیکسٹائل کے شعبوں سمیت 30 سے زائد کمپنیوں نے بھی اس میں حصہ لیا۔ سرکاری اور نجی اداروں کے تعاون سے منعقد ہونے والی اس تقریب میں محکمہ بااختیار افراد معذوری (DEPD) اور ایس پی ڈی پی اے سمیت مختلف اداروں نے معاونت فراہم کی۔ اس پلیٹ فارم نے معذور افراد کو آجر اداروں سے رابطہ قائم کرنے، ملازمت کے مواقع تلاش کرنے اور پیشہ ورانہ ماحول میں اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا موقع فراہم کیا۔ گزشتہ تقریبات کی کامیابی کو آگے بڑھاتے ہوئے Access.Ability.Careers نے ملک بھر کی 60 سے زائد کمپنیوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کیا اور مختلف شہروں میں ملازمتوں کے حصول کے متعدد مواقع فراہم کیے۔ اس اقدام کے نتیجے میں معذور افراد کے لیے باعزت اور بامقصد روزگار کی راہیں ہموار ہوئیں۔ اس تقریب میں مختلف پس منظر سے تعلق رکھنے والے امیدواروں نے شرکت کی، جن میں تجربہ کار پیشہ ور افراد، حال ہی میں تعلیم مکمل کرنے والے نوجوان اور پہلی ملازمت کی تلاش میں سرگرداں افراد شامل تھے۔ شریک اداروں نے جامع بھرتیوں اور مساوی روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ ملازمتوں کے لیے قائم کیے گئے اسٹالز، نیٹ ورکنگ سیشنز اور براہ راست ملاقاتوں کے ذریعے شرکا کو بھرتی کرنے والے اداروں سے بات چیت کرنے، مختلف عہدوں کے لیے درخواستیں دینے اور ایسے پیشہ ورانہ روابط قائم کرنے کا موقع ملا جو مستقبل میں انٹرویوز اور روزگار کے حصول کا ذریعہ بن سکتے ہیں

بقیہ نمبر 46 — قوم کی آواز

حیثیت اور آئی ایم ای آئی رجسٹریشن کی تصدیق کرنے کی ہدایت کی ہے تا کہ غیر منظور شدہ یا غیر قانونی ڈیوائس خریدنے سے بچا جا سکے۔ پی ٹی اے کے مطابق موبائل ڈیوائسز کی شناخت، رجسٹریشن اور بلاکنگ کے لیے ڈیوائس شناخت و رجسٹریشن کا نظام (ڈی آئی آر بی ایس) قائم ہے، جس کے تحت غیر تصدیق شدہ آئی ایم ای آئی نمبرز والی

ڈیوائسز کو بلاک کیا جا سکتا ہے۔ اتھارٹی نے صارفین کو مشورہ دیا ہے کہ موبائل فون خریدتے وقت اس میں موجود آئی ایم ای آئی نمبر کو ڈبے پر درج نمبر سے لازماً ملائیں۔ فون کا آئی ایم ای آئی نمبر معلوم کرنے کے لیے #06#* ڈائل کیا جا سکتا ہے، جبکہ 8484 پر ایس ایم ایس بھیج کر بھی ڈیوائس سے متعلق معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔ پی ٹی اے کے مطابق صارفین موبائل فون صرف قابل اعتماد ذرائع سے خریدیں اور اس کی قانونی حیثیت کی تصدیق کے بغیر خریداری سے گریز کریں۔ اگر کسی صارف کا موبائل فون بلاک ہو جائے تو وہ پی ٹی اے کے متعلقہ نظام کے ذریعے اس بارے میں معلومات حاصل کر سکتا ہے۔ اتھارٹی نے واضح کیا ہے کہ موبائل فون کی درآمد یا رجسٹریشن پر لاگو ٹیکس اور ڈیوٹی کی ادائیگی کے بعد ہی متعلقہ ڈیوائس کو قانونی منظوری حاصل کی جا سکتی ہے۔ شہریوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ خریداری سے پہلے فون کی قانونی حیثیت یقینی بنائیں اور مزید معلومات کے لیے پی ٹی اے کی ویب سائٹ www.pta.gov.pk سے رجوع کریں۔

بقیہ نمبر 47 — قوم کی آواز

فروخت کرنے کا اشتہار دینا مہنگا پڑ گیا۔ گاڑی خریدنے کے بہانے آنے والے ملزم نے ساتھی کے ہمراہ اسلحے کے زور پر شہری سے گاڑی اور موبائل فون چھین لیا اور فرار ہو گیا۔ واقعے کا مقدمہ فیروز آباد تھانے میں درج کر لیا گیا ہے۔ متاثرہ شہری عثمان کے مطابق وہ اپنی 2022ء ماڈل کی گاڑی فروخت کرنا چاہتا تھا، جس کے لیے اس نے آن لائن خرید و فروخت کی ایپ او ایل ایکس پر اشتہار دیا۔ ایک شخص نے اشتہار دیکھ کر رابطہ کیا اور گاڑی چلانے کی جانچ کے لیے اسے دہلی مرکنٹائل سوسائٹی بلاک 3 میں ایک اسکول کے قریب بلایا۔ عثمان نے بتایا کہ ملزم گاڑی چلا کر لبرٹی چوک پہنچا، جہاں اس کا ایک ساتھی بھی گاڑی میں سوار ہو گیا۔ دونوں اسے شارع فیصل کی جانب لے گئے، جہاں اچانک اسلحہ نکال کر اس کا موبائل فون چھین لیا اور اسے گاڑی سے اتار کر فرار ہو گئے۔ متاثرہ شہری نے کہا کہ سامنے آنے پر وہ ملزمان کو شناخت کر سکتا ہے۔ پولیس نے واردات میں ملوث ملزم کی سی سی ٹی وی فوٹیج حاصل کر لی ہے، جس کی مدد سے اس کا خاکہ بھی تیار کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزم کی تلاش جاری ہے۔ تیار کردہ خاکے کے مطابق ملزم کی عمر تقریباً 30 سے 40 سال، قد پانچ فٹ سات انچ یا اس سے زائد اور جسم بھاری ہے۔ اس کی رنگت صاف اور چہرے پر مکمل داڑھی ہے، جبکہ واردات کے وقت اس نے سرمئی رنگ کی شلوار قمیض پہن رکھی تھی۔

بقیہ نمبر 48 — قوم کی آواز

کے دوران پاکستان اور جمہوریہ کوریا کے درمیان دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور صنعتی تعاون کو فروغ دینے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ پاکستان وسطی ایشیا اور افریقہ کی منڈیوں تک رسائی کے لیے ایک اہم تجارتی گیٹ وے بن سکتا ہے۔ زراعت، ٹیکسٹائل، معدنیات اور اسپورٹس گڈز سمیت مختلف شعبوں میں پاکستان اور کوریا کے درمیان اقتصادی تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت غیر ملکی سرمایہ کاروں کو سازگار ماحول فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے اور کورین کمپنیوں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کے دوران ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ اس موقع پر قونصل جنرل جوہون کم نے کہا کہ کورین کمپنیاں پاکستان میں سرمایہ کاری میں دلچسپی رکھتی ہیں، جبکہ مینوفیکچرنگ اور توانائی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے دوطرفہ اقتصادی روابط کو مزید مستحکم کرنے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ ملاقات میں اس امر پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا کہ متوازن ٹیرف پالیسی پاکستان اور جمہوریہ کوریا کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ میں معاون ثابت ہو سکتی ہے۔ گورنر سندھ نے کہا کہ پاکستان میں کورین موسیقی، ڈراموں اور ڈیجیٹل و بیوٹی مصنوعات کی بڑھتی ہوئی مقبولیت دونوں ممالک کے درمیان ثقافتی روابط کی عکاسی کرتی ہے۔ ملاقات کے اختتام پر گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی اور کورین قونصل جنرل نے پاکستان اور جمہوریہ کوریا کے درمیان دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور صنعتی تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 49 — قوم کی آواز

انہوں نے بلدیاتی امور سے متعلق تربیتی سرگرمیوں کے حوالے سے آگاہی کے لیے صدر دفتر بلدیہ عظمیٰ کراچی کا دورہ کرنے والے پنجاب لوکل گورنمنٹ اکیڈمی کے ڈائریکٹرز کی ٹیم سے ملاقات کے دوران کیا۔ اس موقع پر سینئر ڈائریکٹر کوآرڈینیشن، ڈپٹی میئر اخلاق احمد یوسف زئی، میونسپل سروسز کے افسران اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کا بلدیاتی نظام، شہری انتظام، مقامی حکومت کے امور اور میونسپل اداروں کے انتظامی طریقہ کار سے متعلق آگاہی فراہم کرنا اہم تھا تا کہ افسران اپنے پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی میں تجربات سے استفادہ کر سکیں۔ اس دورے کے ذریعے پنجاب اور کراچی کے بلدیاتی اداروں کے درمیان تجربات کے تبادلے اور مقامی حکومت کے نظام کو سمجھنے کے مواقع فراہم کیے گئے۔ میونسپل کمشنر کے ایم سی ابرار جعفر نے کہا کہ کراچی پاکستان کا ایک قدیم اور تاریخی شہر ہے، جس کی شناخت مختلف ادوار اور مختلف ناموں سے رہی ہے۔ تاریخی حوالوں میں اس خطے کے لیے کولاچی، لاری بندر اور دیگر ناموں کا ذکر ملتا ہے، جبکہ تجارتی سرگرمیوں نے کراچی کو ایک چھوٹی بستی سے ترقی کرتے ہوئے ایک اہم تجارتی بندرگاہ اور خطے کے نمایاں شہری مرکز کی حیثیت اختیار کرنے میں مدد دی۔ کراچی کی تاریخی، تجارتی اور شہری ترقی کے مختلف ادوار نے شہر کی موجودہ شناخت تشکیل دی ہے۔ شہری منصوبہ بندی، بلدیاتی انتظام، مقامی حکومت کے امور اور میونسپل اداروں کے کردار کو سمجھنا شہری ترقی کے لیے اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلدیاتی اداروں کے درمیان تجربات کا تبادلہ اور باہمی تعاون شہری مسائل کے بہتر حل اور انتظامی صلاحیتوں میں اضافے کا ذریعہ بن سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 50 — قوم کی آواز

ایسوسی ایشن کی قیادت کو یقین دلایا کہ پیٹرولیم ڈیلرز کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے۔ چیئرمین ایف بی آر سے ملاقات میں پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ملک خدا بخش، وائس چیئرمین طارق حسن اور انور کمال، صدر سندھ ریجن حاجی امیر خان اور صدر کراچی ریجن سعید خان شامل تھے۔ واضح رہے کہ چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو راشد محمود لنگڑیال نے فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر نائب صدر ثاقب فیاض مگوں اور نائب صدر آصف سخی اور کے سی سی آئی کے صدر طلعت محمود اور دیگر سے بھی ملاقات کی۔ چیئرمین ایف بی آر نے چیف کمشنرز اور چیف کلکٹرز کو ہدایات جاری کیں کہ وہ متعلقہ صنعتوں کے نمائندوں کے ساتھ باقاعدگی سے ون آن ون اجلاس منعقد کیا کریں اور تمام زیر التوا مسائل حل کریں۔ وزیراعظم پاکستان کی ہدایات پر عمل درآمد کرتے ہوئے ایف بی آر کی اعلیٰ قیادت پورا ہفتہ کراچی میں موجود رہے گی تا کہ شہر قائد کی صنعتی و کاروباری برادری کے مسائل کے حل کے لئے اقدامات کئے جا سکیں۔ بزنس کمیونٹی سے ملاقات میں چیئرمین ایف بی آر نے کراچی کے گذشتہ دورہ کے دوران کیے گئے فیصلوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ جن کاموں پر عمل درآمد جاری ہے، انہیں جلد از جلد مکمل کیا جائے۔ تجارتی تنظیموں نے مزید حل طلب مسائل کی نشاندہی کی۔ انہوں نے ایف بی آر کی متحرک قیادت کو سراہا اور اب تک ہونے والی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ چیئرمین ایف بی آر نے اجلاس کے شرکاء کو ایف بی آر میں جاری اصلاحات اور ان کے مثبت اثرات کے بارے میں بھی آگاہ کیا۔

بقیہ نمبر 51 — قوم کی آواز

یہ واضح نہیں کہ رپورٹ میں موت کو قتل قرار دیا گیا ہے یا خودکشی۔ عدالتی کمیشن کے رجسٹرار عبدالماجد نے رپورٹ محکمہ داخلہ سندھ کے ایڈیشنل سیکریٹری کے حوالے کی۔ کمیشن نے حکومت سندھ کی جانب سے طے کردہ ضوابط کار کی روشنی میں رپورٹ مرتب کی، جس میں متعلقہ محکموں کی کارروائیوں اور تفتیش کے مختلف مراحل کا جائزہ بھی شامل ہے۔ رپورٹ کو عام کرنے یا اس کے مندرجات منظر عام پر لانے کا فیصلہ سندھ حکومت کرے گی۔ جسٹس عمر سیال پر مشتمل عدالتی کمیشن 24 اگست کو قائم کیا گیا تھا۔ کمیشن نے میر رضا کیس کی تحقیقات کے دوران 15 سماعتیں کیں، جبکہ دو افراد کے بیانات ویڈیو رابطے کے ذریعے ریکارڈ کیے گئے۔ رپورٹ میں مجموعی طور پر 49 افراد کے بیانات شامل ہیں، جن کی روشنی میں واقعے سے متعلق دستیاب معلومات اور شواہد کا جائزہ لیا گیا۔ میر رضا کی لاش 29 جولائی کو گلستان جوہر کے علاقے سے ملی تھی۔ واقعے کے بعد ابتدائی پوسٹ مارٹم کیا گیا، تاہم معاملے کی حساسیت اور اٹھنے والے سوالات کے باعث بعد ازاں قبر کشائی کر کے دوبارہ طبی و قانونی معائنہ بھی کیا گیا۔ واقعے پر طویل احتجاج ہوا اور اہل خانہ کی جانب سے موت کے اصل حقائق سامنے لانے کا مطالبہ کیا جاتا رہا۔ میر رضا کے اہل خانہ اس معاملے کی مزید تحقیقات کے لیے مشترکہ تحقیقاتی ٹیم (جے آئی ٹی) تشکیل دینے کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ ان کا مؤقف ہے کہ واقعے کے تمام پہلوؤں کا از سر نو جائزہ لے کر حقائق سامنے لائے جائیں اور ذمہ داری کا تعین کیا جائے۔ عدالتی کمیشن کی رپورٹ میں پولیس کی تفتیش، طبی و قانونی معائنے اور محکمہ صحت سے متعلق حقائق و شواہد کا احاطہ کیا گیا ہے، جبکہ متعلقہ اداروں کی کارروائیوں میں سامنے آنے والی خامیوں کا بھی جائزہ لیا گیا ہے۔ اب رپورٹ کے مندرجات کا جائزہ لینے اور اسے عام کرنے سے متعلق فیصلہ سندھ حکومت کرے گی۔

پاکستان بھر کی بزنس کمیونٹی ایس ایم تنویر کیساتھ ہے، افتخار علی ملک

زبیر طفیل، ظفر بختاوری، خالد تواب، مومن ملک، علی حسام اصغر، کریم عزیز ملک اور احسن بختاوری کی گفتگو

کراچی (کامرس رپورٹر): پاکستان کی کاروباری برادری اور متعلقہ اداروں کے درمیان ایس ایم ای سیکٹر کے فروغ، کاروباری سرگرمیوں میں اضافے اور معاشی ترقی کے حوالے سے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ اس سلسلے میں کاروباری نمائندوں اور متعلقہ حکام کے درمیان ملاقاتوں اور مشاورت کے ذریعے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کو درپیش مسائل، کاروباری سہولیات اور سرمایہ کاری کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)



یونس ڈھاگا کا دورہ کینیا، تجارتی تعلقات کے فروغ کی نئی امید، رفیق سلیمان

پاکستانی کمرشل قونصلر عدیلہ یونس کی عمدہ میزبانی: کاروباری تعاون اور اقتصادی روابط بڑھانے کی امید ظاہر کردی

کراچی (علیم نواب خان) پاکستان کی کاروباری برادری کی ایک ممتاز شخصیت یونس ڈھاگا نے اپنی پیشہ ورانہ خدمات، بصیرت افروز قیادت اور کاروباری برادری کو درپیش مختلف مشکلات کے حل اور تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے اہم کردار ادا کیا۔ ان کی خدمات کو کاروباری حلقوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)



ان ڈرائیو اور ٹیک ویلی کا ڈرائیورز کے بچوں کیلئے مفت ڈیجیٹل سیفٹی پروگرام

وزیر مملکت پیشہ ورانہ تربیت وجیہہ قمر اوران ڈرائیو کے کنٹری لیڈ اویس سعید کا مشترکہ آگاہی ڈیجیٹل سفر کا پروگرام



اسلام آباد (بزنس رپورٹر) عالمی موبلٹی اور شہری خدمات کے پلیٹ فارم اِن ڈرائیو (inDrive) نے گوگل فار ایجوکیشن کے پریمیئر پارٹنر ٹیک ویلی (Valley Tech) کے اشتراک سے پاکستان میں اِن ڈرائیو ڈرائیورز کے بچوں کے لیے مفت آن لائن ڈیجیٹل سیفٹی اور مصنوعی ذہانت (AI) سے متعلق آگاہی کا پروگرام ڈیجیٹل سفر (SafarDigital) شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اس اقدام کے تحت چھٹی سے دسویں جماعت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)



گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی کی جمہوریہ کوریا کے قونصلیٹ آمد

دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے پر زور، صنعتی تعاون کو مزید وسعت دینے کا عزم

کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے جمہوریہ کوریا کے قونصلیٹ کا دورہ کیا، جہاں قونصل جنرل جوہون کم اور سفارتی عملے نے ان کا استقبال کیا۔ ملاقات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)





پی ٹی اے کی شہریوں کو موبائل فون خریدنے سے قبل اس کی قانونی حیثیت اور آئی ایم ای آئی رجسٹریشن کی تصدیق کرنے کی ہدایت

کراچی (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے شہریوں کو موبائل فون خریدنے سے قبل اس کی قانونی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

آن لائن گاڑی فروخت کرنے کا اشتہار دینے والا شہری لٹ گیا، ملزم کا خاکہ تیار

کراچی (این این آئی) طارق روڈ کے رہائشی کو آن لائن ایپ پر گاڑی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

کنیکٹ ہیئر اور اسٹینڈرڈ چارٹرڈ پاکستان کا اشتراک، کراچی میں واپسی

معذور افراد کی شمولیت اور بااختیار بنانے کا عزم، کراچی میں تیسری مرتبہ ایونٹ کامیابی سے منعقد

کراچی (بزنس رپورٹر) جنوبی ایشیا کے معروف ادارے کنیکٹ ہیئر (ConnectHear)، جو معذور افراد کی شمولیت اور بااختیار بنانے کے لیے کام کرتا ہے، نے اسٹینڈرڈ چارٹرڈ پاکستان کے اشتراک سے کراچی میں تیسری مرتبہ Access.Ability.Care ایونٹ کامیابی سے منعقد کیا۔ اسٹینڈرڈ چارٹرڈ پاکستان اس اقدام کے آغاز سے ہی اس کے ساتھ بطور پلاٹینم اسپانسر اور معاون ادارہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

گاڑیوں کی تعداد میں 770 فیصد سے زائد اضافہ

ٹرانسپورٹ کا کراچی کی فضائی آلودگی میں 33 فیصد حصہ

کراچی (این این آئی) پاکستان میں گزشتہ تین دہائیوں کے دوران گاڑیوں کی تعداد میں 770 فیصد سے زائد اضافہ ہوا ہے، جس کے باعث فضائی آلودگی میں بھی نمایاں شدت آئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

پشاور اسکول حادثہ، ایم کیو ایم پاکستان کا اظہارِ افسوس

معصوم بچوں کی حفاظت ہر صورت یقینی بنائی جائے، طٰہٰ احمد خان

کراچی (این این آئی) سندھ اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر طٰہٰ احمد خان نے پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کے افسوسناک واقعے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)



ورلڈ بینک گروپ کا سالانہ اجلاس؛ احد چیمہ کی قیادت میں پاکستان وفد بینکاک پہنچ گیا

احد چیمہ کی ورلڈ بینک کی ایم ڈی آپریشنز انا بیئرڈے سے ملاقات، ریلوے اپ گریڈیشن منصوبے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وفاقی وزیر اقتصادی امور اور ورلڈ بینک گروپ پاکستان کے گورنر احد چیمہ بینکاک پہنچ گئے جہاں وہ ورلڈ بینک گروپ کے 2026ء کے سالانہ اجلاس میں پاکستانی وفد کی قیادت کررہے ہیں۔ سالانہ اجلاس کی سائیڈ لائنز پر احد چیمہ کی ورلڈ بینک کی مینیجنگ ڈائریکٹر آپریشنز انا بیئرڈے سے ملاقات ہوئی جس میں پاکستان کے کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک 2035-2026 پر عمل درآمد تیز کرنے اور ترقیاتی نتائج بہتر بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاکستانی سفیر شاہد حامد چیمہ نے کہا کہ سی پی ایف کے اہداف کو ٹھوس ترقیاتی نتائج میں بدلنا حکومت کی ترجیح ہے، پاکستان میں تکنیکی اور مالی معاونت بڑھانے اور مربوط ترقیاتی پروگراموں کی ضرورت ہے، منصوبوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

کراچی کی بلدیاتی تاریخ نئی دہائیوں پر مشتمل ہے، ابرار جعفر

پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ، میٹروپولیٹن پروگرام میں شرکت، اسسٹنٹ ڈائریکٹرز کے وفد سے گفتگو، اخلاق احمد یوسفزئی موجود



کراچی (سٹی رپورٹر) میونسپل کمشنر کے ایم سی ابرار جعفر نے کہا ہے کہ کراچی کی بلدیاتی تاریخ کئی دہائیوں پر مشتمل ہے اور شہر کا بلدیاتی نظام وقت کے ساتھ مختلف مراحل سے گزرتا ہوا موجودہ شکل میں سامنے آیا ہے۔ کراچی کی تاریخی حیثیت، شہری آبادی میں اضافے اور بلدیاتی اداروں کے ارتقا کا مطالعہ شہری انتظامی تاریخ کو سمجھنے کے لیے نہایت اہم ہے۔ ان خیالات کا اظہار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

پیٹرولیم ڈیلرز کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے، راشد لنگڑیال

کاروباری برادری کی رائے ایف بی آر کی ورکنگ کی تشکیل نو میں مؤثر کردار ادا کرسکتی ہے، ملک خدا بخش کی قیادت میں وفد سے گفتگو

کراچی (بزنس رپورٹر) چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو راشد محمود لنگڑیال نے کہا ہے کہ ایف بی آر میں جاری اصلاحات سے مثبت اثرات سامنے آرہے ہیں، کاروباری برادری کی رائے ایف بی آر کی ورکنگ کی تشکیل نو میں مؤثر کردار ادا کرسکتی ہے جبکہ انہوں نے پیٹرولیم ڈیلرز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)



میر رضا کیس: عدالتی کمیشن کی رپورٹ سندھ حکومت کے حوالے، اہم انکشافات متوقع، 49 افراد کے بیانات اور 15 ساعتوں کی بنیاد پر رپورٹ تیار، قتل یا خودکشی سے متعلق حقائق سامنے آنے کا امکان، اہل خانہ کا مشترکہ تحقیقاتی ٹیم بنانے کا مطالبہ

کراچی (این این آئی) میر رضا کی موت کی تحقیقات کرنے والے عدالتی کمیشن نے اپنی سربمہر رپورٹ سندھ حکومت کے حوالے کردی ہے۔ رپورٹ میں واقعے سے متعلق حقائق، پولیس تفتیش، طبی و قانونی معائنے اور محکمہ صحت سے متعلق شواہد شامل کیے گئے ہیں۔ رپورٹ کی روشنی میں میر رضا کی موت کے حالات اور تحقیقات کے دوران سامنے آنے والے پہلوؤں سے متعلق اہم معلومات سامنے آنے کا امکان ہے، تاہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

Roundup Pakistan

تصاویر: نسیم خان

ترتیب: علیم نواب خان

پاکستان کی کامیابی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے شنگھائی کانفرنس میں چین سے بڑی سرمایہ کاری حاصل کرلی، آئی ٹی، توانائی اور صنعتی ترقی کی راہ ہموار

سندھ اور چینی کمپنیوں کے درمیان 35 مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط؛ سرمایہ کاروں کیلئے خصوصی ڈیسک قائم، 10 سالہ ٹیکس چھوٹ کی سہولت، شہر کراچی کو شنگھائی کی معاشی کامیابی کے ماڈل پر ترقی دینگے، وزیر اعلیٰ سندھ کا شنگھائی کانفرنس سے خطاب

سندھ حکومت کی جانب سے سیکریٹری انرجی شہاب قمر انصاری، وائس چانسلر ٹنڈو جام یونیورسٹی ڈاکٹر الطاف علی سیال، سی ای او ڈی ڈبلیو انرجی شہریار چشتی نے تھرکول اور ڈیولپمنٹ اینڈ انویسٹمنٹ کے حوالے سے دستخط کیے، سفیر پاکستان سید اسد گیلانی بھی موجود

شنگھائی میں ہونیوالی دوسری سندھ انویسٹمنٹ کانفرنس جو بارہ سال بعد منعقد ہوئی، چینی سرمایہ کاری اور روزگار کی فراہمی میں ایک نئے دور کا آغاز کرے گی، شرجیل انعام میمن، جام خان شورو، محمد بخش مہر، قاسم نوید، مرتضیٰ وہاب، نجم شاہ اور صنعتکار ادریس گیگی کا اظہار خیال



شنگھائی (بزنس رپورٹر) دوطرفہ اقتصادی تعلقات کو فروغ دینے کے لیے ایک اہم پیش رفت کے تحت وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ شنگھائی میں حال ہی میں منعقد ہونے والی دوسری سندھ انویسٹمنٹ کانفرنس، جو 12 سال کے وقفے کے بعد منعقد ہوئی، سندھ میں چینی سرمایہ کاری، روزگار کی فراہمی اور صنعتی جدیدکاری کے ایک نئے دور کا آغاز کرے گی۔ شنگھائی کانفرنس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ سید سندھ مراد علی شاہ نے کہا کہ 12 سال کے اس وقفے کو سندھ کے بنیادی ڈھانچے، پالیسی فریم ورک اور افرادی قوت کو بین الاقوامی سطح کی اعلیٰ قدر والی سرمایہ کاری کے لیے تیار کرنے میں مؤثر انداز میں استعمال کیا گیا۔ دورے کے ٹھوس نتائج پر روشنی ڈالتے ہوئے وزیر اعلیٰ سندھ نے اعلان کیا کہ سندھ حکومت کے اداروں اور چینی کمپنیوں کے درمیان 34 مفاہمتی یادداشتوں (ایم او یوز) پر دستخط ہوئے ہیں، جبکہ دونوں جانب کے نجی شعبے سے تعلق رکھنے والے کاروباری اداروں کے درمیان بھی متعدد معاہدے طے پائے ہیں۔ ٹیکنالوجی، توانائی اور بنیادی ڈھانچے پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے زور دیا کہ ان مفاہمتی یادداشتوں کی حیثیت محض علامتی نہیں، بلکہ ان کے پیچھے بھرپور پیشگی تیاری اور عملی کام موجود ہے، تاکہ انہیں تیزی سے قابلِ عمل منصوبوں میں تبدیل کیا جاسکے۔ دوطرفہ تعاون کے فروغ کے لیے جن اہم شعبوں کی نشاندہی کی گئی، ان میں تھر کے کوئلے کا استعمال، الیکٹرک گاڑیوں (ای ویز) کی تیاری اور چار جنگ اسٹیشنز کا قیام، قابلِ تجدید توانائی خصوصاً ہوا اور شمسی توانائی، جدید زراعت اور ڈیجیٹل تبدیلی شامل ہیں۔ مستقبل کی اقتصادی منصوبہ بندی کا ذکر کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ مصنوعی ذہانت (اے آئی)، بڑے پیمانے پر ڈیٹا پراسیسنگ اور جدید ترین ڈیٹا سینٹرز کے قیام میں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سندھ میں پیپلز انفارمیشن ٹیکنالوجی پروگرام کے تحت پہلے ہی ہر سال تقریباً 1,500 نوجوانوں کو تربیت دی جا رہی ہے، تاکہ وہ ڈیجیٹل معیشت کی ضروریات پوری کرسکیں۔ کاروبار کے لیے سازگار ماحول سے متعلق آگاہی دیتے سید مراد علی شاہ نے سندھ کو پاکستان کے اہم ترین تجارتی دروازے کے طور پر پیش کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ سندھ کی تزویراتی بندرگاہیں ملکی اور عالمی منڈیوں کو مؤثر انداز میں آپس میں منسلک کرتی ہیں۔ کاروبار کرنے میں آسانی پیدا کرنے کے لیے محکمہ سرمایہ کاری سندھ نے خصوصی چانسلر ڈیسک اور ون ونڈو سہولت مرکز قائم کیا ہے۔ مزید برآں، سندھ کے اسپیشل اکنامک زونز (ایس ای زیڈز) میں سرمایہ کاری کرنے والوں کو پُرکشش مراعات حاصل ہوں گی، جن میں 10 سال تک ٹیکس سے استثنا اور درآمدی ڈیوٹیوں میں چھوٹ شامل ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے سندھ حکومت کے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (پی پی پی) یونٹ کی جانب سے فراہم کردہ مضبوط قانونی اور ادارہ جاتی نظام کو بھی اجاگر کیا، جس کا مقصد سرمایہ کاری کا تحفظ اور سرمایہ کاروں کو سہولت فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے سندھ اور چین کے صوبے ہوبئی کے درمیان تعاون کو مزید وسعت دینے کی تجویز بھی پیش کی۔ باہمی ترقی اور علاقائی روابط سے متعلق وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے پاکستانی کاروباری اداروں کو بھی چین میں سرمایہ کاری اور سیکھنے کے مواقع تلاش کرنے کی دعوت دی۔ انہوں نے کہا کہ عالمی حالات کی موجودہ صورت حال پاکستان کے لیے سرمایہ کاری کے نئے مواقع سے فائدہ اٹھانے کا ایک موزوں وقت ہے۔ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ شنگھائی نے سرمایہ کاری کو فروغ دے کر اپنی معیشت کو تبدیل کیا، اور اب کراچی بھی اسی طرزِ عمل کو اپناتے ہوئے ترقی کی نئی بلندیوں تک پہنچنے کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سندھ اپنے خاص جغرافیائی مقام، نوجوان افرادی قوت اور حکومت کی بھرپور معاونت کے ذریعے ہم سندھ اور پاکستان کے لیے خوشحالی کے نئے دروازے کھول رہے ہیں۔ انشاء اللہ، ہم چینی سرمایہ کاری کے بہترین مواقع اپنے وطن میں لے کر آئیں گے۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ سندھ میں توانائی، معدنیات، صنعت، زراعت، ٹیکنالوجی، آبی وسائل اور ٹرانسپورٹ سمیت مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، صوبائی حکومت چینی اور دیگر عالمی سرمایہ کاروں کے ساتھ طویل مدتی شراکت داری کے ذریعے صنعتی ترقی، روزگار کے نئے مواقع اور برآمدات میں اضافہ چاہتی ہے۔ سندھ میں سرمایہ کاری کے لیے تقریباً 5.2 ارب ڈالر کے منصوبوں کا پورٹ فولیو موجود ہے، جبکہ دھابجی انٹیگریٹڈ انڈسٹریل زون، کیٹی بندر، تھر کوئلے سے صنعتی مصنوعات کی تیاری اور گرین ڈیجیٹل انفراسٹرکچر سمیت متعدد بڑے منصوبے عالمی سرمایہ کاروں کے سامنے پیش کیے جا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے شنگھائی میں منعقدہ سندھ سرمایہ کاری و تجارت کانفرنس سے کلیدی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس میں چین سمیت مختلف ممالک کے تقریباً 400 سرمایہ کاروں، سفارتی نمائندوں اور کاروباری شخصیات نے شرکت کی، جبکہ 100 سے زائد چینی کمپنیوں کے سربراہان اور سرمایہ کار بھی شریک ہوئے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے کانفرنس کے انعقاد میں تعاون پر شنگھائی حکومت اور پاکستانی سفارتی حکام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور چین کے سفارتی تعلقات کے 75 سال مکمل ہونے کے موقع پر دونوں ممالک کی دوستی کو اقتصادی تعاون کی نئی بلندیوں تک پہنچانے کا عزم کیا گیا ہے۔ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ پاکستان اور چین کی دوستی کا اگلا مرحلہ حکومتوں کے ساتھ کاروباری اداروں کی شراکت داری سے آگے بڑھے گا۔ شنگھائی اور کراچی 1984ء سے جڑواں شہر ہیں اور دونوں اہم تجارتی و بحری مراکز کی حیثیت رکھتے ہیں۔ کراچی، شنگھائی کی ترقی کے تجربے سے فائدہ اٹھاتے ہوئے عالمی تجارتی مرکز بننے کی کوشش کررہا ہے۔